MIGRANT RESOURCE CENTRE
مائیگرنٹ ریسورس سنٹر

# یو کے

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by
ICMPD
International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

## اسلام آباد میں برطانوی ہائی کمیشن

اسلام آباد میں برطانوی ہائی کمیشن رمنا5،ڈپلومیٹک انکلیو-اسلام آباد پاکستان میں واقع ہے۔

برطانوی ہائی کمیشن کے قونصلر/ویزا سیکشن میں جانے کے لیے آپ کو ڈپلومیٹک شٹل استعمال کرنا ہو گی۔ شٹل کا سٹاپ قائد اعظم یونیورسٹی روڈ،جی-5اسلام آباد کے قریب تھرڈ ایونیو پر واقع ہے۔

## اسلام آباد میں برطانوی ہائی کمیشن
## معلومات برائے رابطہ

**پتہ:** ڈپلومیٹک انکلیو، سیکٹر جی-5،اسلام آباد،پاکستان۔
**ڈاک کا پتہ:** پی او بکس1122،اسلام آباد،پاکستان۔(انگلش ڈاکومنٹ میں یہاں غلطی سے کینیڈا کا پتہ لکھا ہوا تھا،چیک کر لیں)

**ٹیلی فون:**(011 92 51) 201-2000

**رابطہ برائے قونصلر سروسز:** www.gov.uk/contact-consulate-islamabad۔

قونصلر معاملات کے علاوہ دیگر معلومات کے لیے:
**ای میل:**Islamabad-general.enquiries@fco.gov.uk

**اوقاتِ کار:** سوموار تا جمعرات: 0300-1115؛ جمعہ 0300-0800۔ مقامی وقت: سوموار تا جمعرات: 0800-1615؛ جمعہ 0800-1300۔

**قونصلر پبلک کاؤنٹر کے اوقات:** سوموار تا جمعرات:0300-0800؛جمعہ:0300-0700۔مقامی وقت:سوموار تا جمعرات:-0800 1300؛جمعہ0800-1200۔

**قونصلر ٹیلی فون انکوائریز:** سوموار تا جمعرات:0300-1115؛جمعہ:0300-0800۔ مقامی وقت:سوموار تا جمعرات:-0800 1615؛جمعہ0800-1300۔

# یو کے (یونائیٹڈ کنگڈم)

یو-کے اپنی خوب صورت اور رنگین ثقافت کی وجہ سے پاکستانی سیاحوں کی مقبول منزل ہے، جو دنیا بھر سے سیاحوں کو اپنی جانب کھینچتی ہے۔ یو-کے میں دس لاکھ سے زائد پاکستانی رہتے ہیں اور پاکستان میں اُن کے رشتے دار بھی اُن سے ملنا چاہتے ہیں۔

اگر آپ وزٹ ویزا یا بزنس ویزا پر یو کے جا رہے ہیں اور یو کے ویزا اپلائی کرنے، ویزا فیس، درکار دستاویزات اور پروسیسنگ ٹائم کے متعلق معلومات حاصل کرنا چاہتے ہی تو یہ صفحات آپ کے لیے بہت مددگار ثابت ہوں گے۔

ویزا کا عمل آن لائن انجام دیا جاتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ آپ کو آن لائن فارمز پُر کرنا ہوں گے اور کراچی، لاہور، اسلام آباد اور میر پور کے یو کے ویزا اپلی کیشن مرکز میں دستاویزی ثبوت خود لے کر جانا ہو گا۔ تمام درخواست گزاروں کو بائیو میٹرک کروانے کی ضرورت ہے، اور درخواست گزار بائیو میٹرک اور ویزا پروسیسنگ کے لیے یو کے ویزا اپلی کیشن سنٹر کو اضافی چارجز بھی ادا کریں گے۔

# ویزا کی اقسام

## عام وزیٹر ویزا

اگر آپ یو کے کا وزٹ کرنا چاہتے ہیں تو "سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا" اپلائی کر سکتے ہیں:

- تفریح کے لیے، مثلاً چھٹیاں منانا یا عزیز و اقارب سے ملنا۔
- کاروبار، یا کھیلوں یا تخلیقی ایونٹس میں حصہ لینے کے لیے۔
- کسی اور وجہ سے، مثلاً نجی میڈیکل علاج کروانے کی غرض سے۔

"سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا" نے مندرجہ ذیل کی جگہ لے لی ہے:

- فیملی وزیٹر ویزا
- جنرل وزیٹر ویزا
- بچوں کا وزیٹر ویزا
- بزنس وزیٹر ویزا، بشمول محققین، ڈاکٹروں اور ڈینٹسٹ کے لیے ویزے
- سپورٹس وزیٹر ویزا
- فنکار کے طور پر وزیٹر ویزا
- کاروبار شروع کرنے کی غرض سے ویزا
- نجی میڈیکل علاج کے لیے وزیٹر ویزا
- Approved Destination Status (ADS) ویزا

اگر آپ بزنس کی غرض سے یو کے جا رہے ہیں:

اگر آپ کاروبار سے متعلقہ سرگرمیوں کے سلسلے میں یو کے کا وزٹ کرنا چاہتے ہیں تو سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا اپلائی کر سکتے ہیں، مثلاً:

- آپ کسی کانفرنس، اجلاس یا تربیت پروگرام کے لیے یو کے آ رہے ہیں
- آپ کسی مخصوص کھیل میں حصہ لینا چاہتے ہیں
- آپ ایک فنکار، تفریح فراہم کرنے والے یا موسیقار ہیں اور فن کا مظاہرہ کرنے کے لیے یو کے آ رہے ہیں
- آپ ایک محقق (اکیڈمک) ہیں اور تحقیق انجام دے رہے ہیں یا طلبا کے ہمراہ بیرون ملک سٹڈی پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں

- آپ ڈاکٹر یا ڈینٹسٹ ہیں اور کلینکل سرگرمی یا مشاہدے کی غرض سے یوکے آ رہے ہیں
- آپ پروفیشنل اینڈ لنگوئسٹک اسیسمنٹ بورڈ (PLAB) کے ٹیسٹ میں شریک ہونا یا Objective Structured Clinical Examination (OSCE) دینا چاہتے ہیں
- آپ یوکے میں کوئی کاروبار شروع کرنے، سنبھالنے، شریک بننے یا چلانے کی غرض سے فنڈنگ حاصل کرنا چاہتے ہیں

## آپ کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیوں کے اہل ہیں:

- وِزیٹر رُولز میں درج کاروبار سے متعلقہ کسی بھی سرگرمی میں حصہ لینا
- 30 دن تک سٹڈی کرنا، جب تک کہ آپ کے وِزٹ کا مرکزی مقصد سٹڈی کرنا نہ ہو
- ایک ایکسچینج پروگرام یا تعلیمی وزٹ میں حصہ لینا (اگر عمر 18 سال سے کم ہے)
- اپنی سول پارٹنر شپ کو شادی میں تبدیل کرنا
- یوکے سے ٹرانزٹ کے ذریعے گزرنا (کسی اور ملک کو جاتے ہوئے)

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں نہیں کر سکتے:

- معاوضہ لے کر یا بغیر معاضہ کام کرنا
- متعدد وِزٹس کے ذریعے طویل عرصوں تک یوکے میں قیام کرنا
- پبلک فنڈز حاصل کرنا
- شادی کرنا یا سول پارٹنر شپ رجسٹر کرنا یا شادی یا سول پارٹنر شپ کا نوٹس دینا

سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا پر کی جا سکنے اور نہ کی جا سکنے والی سرگرمیوں کے بارے میں مزید معلومات راہنما ہدایات سے حاصل کریں۔

## اِس میں کتنا عرصہ لگے گا

آپ متوقع سفر سے 3 ماہ قبل اپلائی کر سکتے ہیں۔

**مثال:** اگر آپ نے 15 جون کو سفر کرنے کا سوچا ہے تو 16 مارچ کو اپلائی کر سکتے ہیں۔

آپ کو اپنا ویزا پر فیصلہ تین ہفتے میں مل جائے گا۔

## آپ کتنے عرصے تک قیام کر سکتے ہیں

عام طور پر آپ 6 ماہ تک یو کے میں قیام کر سکتے ہیں۔

آپ مندرجہ ذیل صورتوں میں زیادہ عرصہ ٹھہر سکتے ہیں:

- آپ نجی میڈیکل علاج کی غرض سے یو کے آ رہے ہیں۔ 11 ماہ تک (فیس 190£)
- آپ ایک محقق (اکیڈمک) ہیں اور تحقیق کی غرض سے یو کے آ رہے ہیں۔ آپ، آپ کی بیوی / شوہر یا سول پارٹنر 12 ماہ تک قیام کر سکتا / سکتی ہے (فیس 190£)

## اگر باقاعدگی سے یو کے کا وزٹ کرنے کی ضرورت ہو

اگر آپ کو کافی عرصے تک باقاعدگی سے یو کے کا وزٹ کرنے کی ضرورت ہو تو طویل المدت سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا اپلائی کر سکتے ہیں جو 2، 5 یا 10 سال تک کارآمد رہتا ہے۔ آپ ہر ایک وزٹ میں زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک ٹھہر سکتے ہیں۔

## فیس

ایک سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا کی فیس **95£** ہے۔

طویل المدت سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا کے لیے فیس کا انحصار مدت پر ہے۔

- 2 سال - **361£**
- 5 سال - **655£**
- 10 سال - **822£**

## اہلیت

آپ کو ہمیشہ ثابت کرنا ہو گا کہ:

- آپ اپنے وزٹ کے اختتام پر یو کے سے چلے جائیں گے۔
- آپ اپنے وزٹ کے دوران اپنا اور اپنے زیر کفالت افراد کا خرچ اُٹھانے کے قابل ہیں۔
- آپ واپس آنے یا آگے جانے کا خرچ ادا کرنے یا وزٹ سے متعلقہ دیگر اخراجات اُٹھانے کے قابل ہیں۔
- آپ کو کسی بھی کاروبار یا دیگر سرگرمیوں کا ثبوت دینا ہو گا جو آپ یو کے میں کرنا چاہتے ہیں (وزیٹر رُولز کی مطابقت میں)۔

## اگر آپ طویل المدت سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا اپلائی کر رہے ہیں

آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ:

- آپ کو باقاعدگی سے یوکے کا وزٹ کرنا ہو گا، مثلاً چھٹیوں میں، اہل خانہ سے ملاقات یا میٹنگ میں شرکت کے لیے۔
- آپ ہر ایک وزٹ کے اختتام پر یوکے سے چلے جانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ نے جتنی مدت کا ویزا اپلائی کیا ہو اُس سے کم مدت کا دیا جائے۔ اگر ویزا مختصر مدت کا ملے یا درخواست مسترد کر دی جائے تو آپ کو اپنی فیس واپس نہیں ملے گی۔

آپ کا ویزا منسوخ کیا جا سکتا ہے اور اگر آپ کی ٹریول ہسٹری سے ظاہر ہو کہ آپ بار بار یوکے میں طویل قیام کر کے گئے ہیں تو آپ کے وزٹ پر طویل المدت پابندی عائد ہو سکتی ہے۔

## اگر آپ محقق کے طور پر وزٹ ویزا اپلائی کر رہے ہیں

اگر آپ ایک محقق (اکیڈمک) کے طور پر اپلائی کر رہے ہیں تو 12 ماہ تک یوکے میں ٹھہر سکتے ہیں۔ آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ آپ اپنے شعبے میں نہایت باصلاحیت ہیں، اپنے اصل ادارے سے sabbatical چھٹی پر ہیں اور مندرجہ ذیل میں سے کسی مقصد کے لیے وزٹ کر رہے ہیں:

- یوکے میں کسی ادارے کے ساتھ رسمی ایکسچینج۔
- اپنی تحقیق انجام دینا۔
- کسی اور کی تحقیق، تدریس یا کلینکل پریکٹس میں حصہ لینا–جب تک کہ اِس میں ایک مستقل تدریسی آسامی پر کر نا ملوث نہ ہو۔

## اگر آپ نجی میڈیکل علاج کے لیے وزٹ ویزا اپلائی کر رہے ہیں

آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ:

- ایسی میڈیکل حالت ہو کہ یوکے میں نجی مشاورت یا علاج کی ضرورت ہو۔
- مشاورت یا علاج کے لیے ادائیگی کی ہو یا انتظامات کیے ہوں۔
- علاج کے لیے خاطر خواہ رقم موجود ہو، پبلک فنڈز استعمال کیے بغیر اپنا خرچ اُٹھا سکتے ہوں اور واپسی یا آگے کے سفر کا خرچ ادا کر سکتے ہوں۔
- آپ اپنا علاج مکمل ہو جانے یا ویزا کی مدت ختم ہو جانے پر یوکے سے چلے جائیں گے۔
- اگر آپ کسی قسم کی انفیکشن والی بیماری (مثلاً کوڑھ) کا شکار ہیں تو آپ سے صحت عامہ کو کوئی خطرہ نہیں۔

## اگر آپ اعضاعطیہ کرنے والے کے طور پر اپلائی کر رہے ہیں

آپ صرف مندرجہ ذیل افراد کو اعضاعطیہ کرنے کی خاطر یو کے کا وزٹ کر سکتے ہیں:

- خاندان کا کوئی فرد جس کے ساتھ آپ کا جنیٹکل تعلق ہو (مثلاً بہن بھائی یا ماں باپ)۔
- ایسا شخص جس کے ساتھ آپ کا قریبی ذاتی تعلق ہو (مثلاً شوہر / بیوی یا دوست)۔
- آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ آپ جسے عضوعطیہ کر رہے ہیں وہ یو کے کے قانون کے مطابق ہے۔

## ضروری دستاویزات

اپلائی کرتے وقت آپ کو ایک کار آمد پاسپورٹ یا دیگر سفری شناختی دستاویز دینا ہو گی۔

آپ کے پاسپورٹ میں ایک صفحہ خالی ہونا چاہیے جس پر ویزا لگایا جا سکے۔ آپ کا پاسپورٹ یو کے میں قیام کی ساری مدت کے دوران کار آمد رہنا چاہیے۔

آپ کو ایسے دستاویزات کا تصدیق شدہ ترجمہ بھی مہیا کرنا ہو گا جو انگلش یا ویلش میں نہیں ہیں۔

آپ کو بتا دیا جائے گا کہ اپلائی کرتے وقت اپنے دستاویزات کیسے مہیا کرنے ہیں۔

اگر آپ یو کے کا وزٹ کر رہے ہیں تو شاید اضافہ دستاویزات بھی فراہم کرنا پڑیں:

- نجی میڈیکل علاج کے لیے
- اعضاعطیہ کرنے والے کے طور پر اپلائی کرنے کے لیے
- چھٹیوں پر محقق کے طور پر اور 12 ماہ سے زیادہ قیام کے لیے
- ممکنہ کاروبار قائم کرنے والے کے طور پر
- آپ پروفیشنل اینڈ لنگوئسٹک اسیسمنٹ بورڈ (PLAB) کے ٹیسٹ میں شریک ہونے یا Objective Structured Clinical Examination (OSCE) دینے کے لیے۔
- یو کے سے باہر کے کسی ملک میں جانے کے لیے، آئرلینڈ، Isle of Man اور چینل آئی لینڈز

## دیگر معلومات

آپ کو مندرجہ ذیل فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی:

- یو کے کا سفر کرنے کی متوقع تاریخیں
- تفصیل کہ آپ اپنے وزٹ کے دوران کہاں قیام کریں گے
- آپ کے خیال میں دورے پر کتنی لاگت آئے گی
- گھر کا موجودہ پتہ اور وہاں کب سے مقیم ہیں

- ماں باپ کے نام اور تاریخ پیدائش
- آپ ایک سال میں کتنا کماتے ہیں

### مندرجہ ذیل کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے:

- گزشتہ دس سال میں آپ کے سفر کی تفصیلات (پاسپورٹ کے مطابق)
- اپنے ایمپلائر کا پتہ اور ٹیلی فون نمبر
- اپنے پارٹنر کا نام، تاریخ پیدائش اور پاسپورٹ نمبر
- کسی بھی ایسے شخص کا نام جو آپ کے دورے کا خرچ ادا کر رہا ہے
- یو کے میں رہنے والے کسی اہل خانہ کا نام، پتہ اور پاسپورٹ نمبر
- اپنے ارتکاب کردہ کسی فوجداری، سول یا امیگریشن جرم کی تفصیلات

درکار دستاویزات کی مکمل فہرست کے لیے براہِ مہربانی نیچے دیے گئے لنک کو کلک کریں:

https://www.gov.uk/government/publications/visitor-visa-guide-to-supporting-documents

## اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے

آپ سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور:

- آپ نے یو کے جانے اور وہاں قیام کرنے کے لیے موزوں انتظامات کر رکھے ہیں۔
- آپ نے اپنے والدین یا سرپرست سے یو کے کا سفر کرنے کی اجازت لی ہے۔
- آپ واپسی یا آگے کے سفر کا خرچ اُٹھانے کے قابل ہیں۔
- آپ کے پاس اتنی رقم موجود ہے کہ پبلک فنڈز استعمال کیے بغیر اپنا خرچ اُٹھا سکتے ہوں یا عزیز و اقارب موجود ہیں جو آپ کی کفالت کر سکتے ہوں۔

## اکیلے سفر کرنا

آپ کسی بڑے (18 سال سے زائد عمر کے شخص) کو ساتھ لیے بغیر یو کے کا سفر کر سکتے ہیں۔

آپ کے باپ / ماں یا سرپرست کو مندرجہ ذیل دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی:

- آپ کے یو کے جانے کے لیے تحریری اجازت نامہ۔
- رابطے کی مکمل تفصیلات۔
- اُنھیں یہ ثبوت بھی مہیا کرنا ہو گا کہ آپ یو کے میں اپنے قیام کے دوران رہائش کی موزوں جگہ رکھتے ہیں، بشمول:
- اُس شخص کا نام اور تاریخ پیدائش جس کے پاس آپ ٹھہریں گے،
- اُس جگہ کا پتہ جہاں آپ قیام کریں گے،
- اُس شخص کے ساتھ تعلق کی تفصیلات جو آپ کی دیکھ بھال کرے گا، اور
- تحریری اجازت نامہ کہ وہ یو کے میں قیام کے دوران آپ کی دیکھ بھال کر سکتے ہیں۔

## کسی بالغ کے ہمراہ سفر کرنا

کسی بالغ (18 سال سے زائد عمر) کے ساتھ یو کے کا سفر کرتے وقت آپ کو اپنی ویزا درخواست میں ان کی نشان دہی کرنا پڑے گی۔

جس شخص کے ساتھ آپ سفر کر رہے ہیں اگر وہ آپ کا باپ / ماں نہیں ہے تو آپ کو اُس کے متعلق اپنی درخواست میں معلومات مہیا کرنا پڑیں گی۔

ان کے نام آپ کے ویزے پر درج ہوں گے اور اگر آپ ان کو ساتھ لیے بغیر یو کے گئے تو اینٹری دینے سے انکار ہو جائے گا۔

آپ اپنی ویزا درخواست میں دو بالغوں کی نشان دہی کر سکتے ہیں اور آپ کا ویزا تبھی کارآمد ہو گا جب آپ اُن میں سے کم از کم ایک کے ہمراہ سفر کر رہے ہوں۔

بالغ بھی ساتھ ہی ویزا اپلائی کر سکتا ہے، لیکن آپ دونوں کو الگ سے مکمل درخواست دینا ہو گی۔

## اپلائی کرنا

## یو کے کے باہر سے آن لائن اپلائی

آپ کو آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔ اپنی آن لائن درخواست میں کسی ویزا اپلی کیشن سنٹر پر اپائنٹمنٹ بُک کرنا ہو گی۔ آپ کو دی گئی اپائنٹمنٹ پر اپنی بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دینا ہوں گی۔

آپ کو اپنا ویزا اور دیگر سروسز زیادہ تیزی سے مل سکتی ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس ملک میں ہیں۔ اپنے ویزا اپلی کیشن سنٹر سے چیک کریں۔

https://visas-immigration.service.gov.uk/alt-language-selection-skip-visa

## اپنے ویزے میں توسیع کروانا

اگر یو کے میں آپ کا گزارا ہوا وقت 6 ماہ سے کم ہو تو آپ اپنے ویزے میں توسیع کروا سکتے ہیں۔ مثلاً اگر آپ 3 ماہ کا ویزا اپلائی کریں تو اِس میں مزید 3 ماہ کی توسیع اپلائی کر سکتے ہیں۔ راہنما ہدایات پڑھ کر معلوم کریں کہ کیا آپ اپنے ویزا میں توسیع کروا سکتے ہیں:
https://www.gov.uk/government/publications/visit-guidance

آپ کو چاہیے کہ کارآمد ویزا کی میعاد پوری ہونے سے پہلے ہی توسیع اپلائی کر دیں۔

# یو کے میں سٹڈی کرنا

## مختصر المدت سٹڈی ویزا

آپ مختصر المدت سٹڈی ویزا کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں اگر:

- آپ یو کے میں ایک مختصر المدت سٹڈی کورس کر رہے ہیں؛
- آپ کا تعلق یورپیئن اکنامک ایریا(EEA)اور سوئٹزرلینڈ کے باہر سے ہے؛
- آپ اہلیت کے دیگر تقاضے پورے کرتے ہوں۔

اگر آپ ایک اکیڈمک وزیٹر ہیں تو آپ کو سٹینڈرڈ وزیٹر ویزا کی ضرورت ہے۔

## آپ کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیوں کے اہل ہیں:

- یو کے میں سٹڈی کا مختصر کورس کرنا، جیسے انگلش لینگویج کورس یا ٹریننگ کورس؛
- ڈگری کورس کے سلسلے میں (اگر آپ بیرون ملک سٹڈی کر رہے ہیں) مختصر مدت کی ریسرچ کرنا۔

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں نہیں کر سکتے:

- ریاست کے فنڈ سے چلنے والے سکول میں پڑھنا؛
- کام کرنا (بشمول ورک پلیسمنٹ یا کام کا تجربہ) یا کوئی کاروبار کرنا؛
- اِسے ویزے کی توسیع کرنا؛
- خاندان کے ارکان (زیرِ کفالت) کو اپنے ساتھ لانا—اُنھیں الگ سے درخواست دینا ہو گی۔
- پبلک فنڈز حاصل کرنا۔

## آپ کتنے عرصے تک قیام کر سکتے ہیں؟

- 6 ماہ—کسی مختصر کورس (بشمول انگلش لینگویج کورسز) یا مختصر مدت کی ریسرچ کے لیے (اگر آپ کی عمر 16 سال یا زائد ہے)۔
- 11 ماہ—اگر آپ کی عمر 16 سال یا زائد ہے اور انگلش لینگویج کورس کر رہے ہیں۔

## فیس

فیس مندرجہ ذیل ہے:

- 6ماہ کے ویزے کے لیے 97£۔
- 11ماہ کے ویزے کے لیے186£۔

## اس میں کتنی دیر لگتی ہے

آپ یوکے کا سفر کرنے کی متوقع تاریخ سے 3ماہ پہلے ویزا اپلائی کر سکتے ہیں۔

آپ کو اپنے ویزا پر فیصلہ 3 ہفتے میں مل جائے گا۔

راہنما ہدایات چیک کر کے معلوم کریں کہ جس ملک سے اپلائی کر رہے ہیں وہاں ویزا حاصل کرنے میں کتنا وقت لگتا ہے۔

## اہلیت

ثابت کرنا ہو گا کہ آپ کو:

- یوکے میں سٹڈی کی منظور شدہ جگہ پر ایک کورس میں داخلے کی پیش کش کی گئی ہے؛
- آپ کے پاس اتنی رقم موجود ہے کہ پبلک فنڈز استعمال کیے بغیر اپنا خرچ اُٹھا سکتے ہوں یا عزیز و اقارب موجود ہیں جو آپ کی کفالت کر سکتے اور اپنے پاس رکھ سکتے ہوں۔
- آپ واپسی یا آگے سفر کے لیے ادائیگی کر سکتے ہیں۔

اگر عمر 18 سال سے زائد ہے تو آپ کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ:

- اپنے سفر اور یوکے میں قیام کے تمام انتظامات مکمل کیے ہوں۔
- یوکے میں سٹڈی کرنے کے لیے اپنے باپ/ماں یا سرپرست سے اجازت حاصل کی ہو۔

## آپ کہاں پر سٹڈی کر سکتے ہیں

آپ کو ایسے تعلیمی ادارے کی جانب سے قبولیت ملی ہو جو Tier 4 سپانسر لائسنس رکھتا ہو۔ بصورت دیگر آپ کے کورس ایک تعلیمی ادارے میں ہونا چاہیے جو مندرجہ ذیل میں سے ایک کی فہرست میں ہو:

- لینگویج سروسز کے لیے ایکریڈیشن کی تنظیم۔
- انٹرنیشنل کالجز کے لیے ایکریڈیشن سروس۔
- ایکریڈیشن یوکے۔

- برِج سکول انسپکٹوریٹ۔
- برٹش ایکریڈیشن کونسل۔
- ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ انسپکٹوریٹ (شمالی آئرلینڈ میں)۔
- Estyn (ویلز میں)۔
- ہائر ایجوکیشن فنڈنگ کونسل فار انگلینڈ۔
- HM انسپکٹوریٹ آف ایجوکیشن (سکاٹ لینڈ میں)۔
- انڈی پینڈنٹ سکولز انسپکٹوریٹ۔
- آفس فار سٹینڈرڈز اِن ایجوکیشن (Ofsted)۔
- Quality Assurance ایجنسی فار ہائر ایجوکیشن۔
- سکولز انسپکشن سروس۔

## بطور فارن لینگویج انگلش سیکھنا

آپ کی عمر کم از کم 16 سال ہونی چاہیے اور بطور فارن لینگویج انگلش سیکھنے کے کورس میں داخلہ ملا ہو (اگر آپ 11 ماہ کے مختصر المدت سٹڈی ویزا کے لیے اپلائی کر رہے ہیں)۔

ایک مخلوط کورس شمار نہیں کیا جاتا، جس میں کچھ وقت انگلش سیکھنے میں لگایا جائے۔

## بیرون ملک کورس کے طور پر یوکے کا وزٹ کرنا۔

اگر کی عمر کم از کم 16 سال ہے اور آپ کسی اوورسیز ہائر ایجوکیشن ادارے مین سٹڈی کر رہے ہیں اور آپ کے کورس کا کچھ حصہ یوکے میں ہے تو اپلائی کر سکتے ہیں۔

## ضروری ہے کہ آپ کا ادارہ....

اپنی ایکریڈیشن رکھتا ہو۔

صرف اپنے تعلیمی پروگرام کا صرف کچھ حصہ یوکے میں پیش کرے۔

ایسے پروگرامز پیش کرے جو کسی یوکے ڈگری کے مساوی ہوں۔

## مختصر عرصے کے لیے یوکے میں ریسرچ کرنا

اگر آپ نے کسی اوورسیز ڈگری کورس میں پہلے سے داخلہ لے رکھا ہے تو مختصر مدت کی ریسرچ کے لیے یوکے آسکتے ہیں۔

اس کا اہل ہونے کے لیے:

- ضروری ہے کہ آپ کا کورس یوکے کی کسی ڈگری کے مساوی ہو۔
- آپ یوکے کے کسی تسلیم شدہ ادارے یا ایسے ادارے میں ریسرچ کر رہے ہوں جسے ایک ہائر ایجوکیشن ادارے کے طور پر پبلک فنڈنگ ملتی ہو۔
- آپ کی عمر کم از کم 16 سال ہو۔

## ضروری دستاویزات

اپلائی کرتے وقت آپ کو مندرجہ ذیل دستاویزات فراہم کرنا ہوں گے:

- ایک کارآمد پاسپورٹ یا دیگر سفری شناختی دستاویز۔
- ثبوت کہ آپ اپنے ٹرِپ کے دوران اپنا خرچہ اُٹھا سکتے ہیں، مثلاً گزشتہ 6 ماہ کی بینک سٹیٹمنٹ یا تنخواہ کی سلپس۔
- تفصیل کہ آپ کہاں ٹھہرنا اور کہاں کہاں کا سفر کرنا چاہتے ہیں–اپنا ویزا مل جانے تک ٹریول یا رہائش کی ادائیگی کرنے کی ضرورت نہیں۔
- آپ کے ٹی بی ٹیسٹ کے نتائج، اگر آپ ایسے ملک میں جہاں ٹیسٹ کروانا ضروری ہے اور آپ 6 ماہ سے زیادہ عرصے کے لیے یوکے آرہے ہیں۔
- اپنے وطن میں باپ / ماں یا سرپرست سے رابطے کی تفصیلات (اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے)۔

آپ کو ایسے دستاویزات کا تصدیق شدہ ترجمہ بھی مہیا کرنا ہوگا جو انگلش یا ویلش میں نہیں ہیں۔

آپ کے پاسپورٹ میں ایک صفحہ خالی ہونا چاہیے جس پر ویزا لگایا جاسکے۔

## اپنے کورس کے متعلق دستاویزات

جس کورس کی آپ سٹڈی کر رہے ہیں اُس کا ثبوت مہیا کرنا ہوگا، مثلاً تعلیمی ادارے سے قبولیت کا لیٹر – آفیشل لیٹر ہیڈ پر، جس میں کورس کا نام، دورانیہ اور خرچ (بشمول رہائش) درج ہو۔

آپ کو اپنے حالات کے مطابق اضافی دستاویزات مہیا کرنے کی ضرورت بھی ہوسکتی ہے، جیسے اپنی:

- سابق سٹڈی کا ثبوت، مثلاً اکیڈمک سرٹیفکیٹس، حوالے یا ٹرانسکرپٹس۔
- انگلش لینگویج کی اہلیت، مثلاً سرٹیفکیٹس یا ایوارڈز۔

- رہائش اور سفر کا شیڈول۔
- اُس ملک میں موجود ہونے کا اجازت نامہ (اگر آپ وہاں کے شہری نہیں) جہاں سے اپلائی کر رہے ہیں۔
- مالیاتی سپانسر کا پیشہ، آمدنی، بچت یا فنڈز جو آپ کی سٹڈیز کا خرچ اُٹھانے کے کام آئیں گے۔

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے تو اضافی دستاویزات مہیا کرنے کی ضرورت ہو گی:

- اگر آپ اکیلے سفر کر رہے ہیں۔
- آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ سفر کر رہے ہیں جو آپ کا باپ / ماں یا سرپرست نہیں۔

## اکیلے سفر کرنا

آپ کسی بڑے (18 سال سے زائد عمر کے شخص) کو ساتھ لیے بغیر یو کے کا سفر کر سکتے ہیں۔

آپ کے باپ / ماں یا سرپرست کو مندرجہ ذیل دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی:

- آپ کے یو کے جانے کے لیے تحریری اجازت نامہ۔
- رابطے کی مکمل تفصیلات۔
- اُنھیں یہ ثبوت بھی مہیا کرنا ہو گا کہ آپ یو کے میں اپنے قیام کے دوران رہائش کی موزوں جگہ رکھتے ہیں، بشمول:
- اُس شخص کا نام اور تاریخ پیدائش جس کے پاس آپ ٹھہریں گے،
- اُس جگہ کا پتہ جہاں آپ قیام کریں گے،
- اُس شخص کے ساتھ تعلق کی تفصیلات جو آپ کی دیکھ بھال کرے گا، اور
- تحریری اجازت نامہ کہ وہ یو کے میں قیام کے دوران آپ کی دیکھ بھال کر سکتے ہیں۔

آپ کو سکول کی جانب سے ایک تصدیقی لیٹر دینا ہو گا کہ مقامی اتھارٹی کو آپ کے وزٹ سے آگاہ کر دیا گیا ہے اور اُس شخص کی تفصیلات بھی دے دی گئی ہیں جو آپ کی دیکھ بھال کرے گا، اگر:

- آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے (یا 18 سال سے کم ہے اور آپ کو کوئی معذوری ہے)۔
- کوئی ایسا شخص 28 روز سے زیادہ عرصے تک آپ کی دیکھ بھال کرے گا جو قریبی رشتے دار نہیں (جسے private foster care کہتے ہیں)۔

اگر سکول کو لوکل اتھارٹی کی جانب سے جواب موصول ہو گیا ہے تو اُسے بھی شامل کرنا ہو گا۔

## کسی بالغ کے ہمراہ سفر کرنا

کسی بالغ (18 سال سے زائد عمر) کے ساتھ یو کے کا سفر کرتے وقت آپ کو اپنی ویزا درخواست میں ان کی نشان دہی کرنا پڑے گی۔

ان کے نام آپ کے ویزے پر درج ہوں گے اور اگر آپ ان کو ساتھ لیے بغیر یو کے گئے تو اینٹری دینے سے انکار ہو جائے گا۔

آپ اپنی ویزا درخواست میں دو بالغوں کی نشان دہی کر سکتے ہیں اور آپ کا ویزا تبھی کارآمد ہو گا جب آپ اُن میں سے کم از کم ایک کے ہمراہ سفر کر رہے ہوں۔

بالغ بھی ساتھ ہی ویزا اپلائی کر سکتا ہے، لیکن آپ دونوں کو الگ سے مکمل درخواست دینا ہو گی۔

## اپلائی کرنا

آپ کو مختصر مدت کے سٹڈی ویزا کے لیے آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔

آپ کو کسی ویزا اپیلی کیشن سنٹر پر اپنی بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دینا ہوں گی۔

آپ کو اپنے ویزا اور دیگر سروسز زیادہ تیزی سے مل سکتی ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس ملک میں ہیں۔ اپنے ویزا اپیلی کیشن سنٹر سے چیک کریں۔

## جنرل سٹوڈنٹ ویزا(Tier 4)

آپ یوکے میں سٹڈی کے لیے Tier 4(جنرل) سٹوڈنٹ ویزا اپلائی کر سکتے ہیں اگر آپ کی عمر 16 سال یا زائد ہے اور آپ کو:

- ایک کورس میں داخلے کی پیش کش کی گی ہے؛
- آپ انگلش بولنے، لکھنے، پڑھنے اور سمجھنے کے قابل ہیں؛
- آپ کے پاس اتنی رقم موجود ہے کہ اپنا اور کورس کا خرچ اُٹھا سکیں– درکار رقم حالات کی مناسبت سے ہو گی؛
- آپ ایسے ملک سے ہیں جو یورپیئن اکنامک ایریا(EEA) یا سوئٹزرلینڈ میں نہیں۔
- اہلیت کے تقاضے پورے کرتے ہیں۔

### اپلائی کب کرنا ہے

آپ اپنا کورس شروع ہونے سے 3 ماہ پہلے ویزا اپلائی کر سکتے ہیں۔

عموماً آپ کو اپنا ویزا پر فیصلہ 3 ہفتے میں مل جائے گا۔ آپ اپنے ملک کے لیے ویزا پروسیسنگ کا دورانیہ چیک کریں۔

### فیس

یوکے کے باہر سے یہ ویزا اپلائی کرنے کی فیس **£348** ہے۔

آپ کو اپنے زیر کفالت ہر فرد کے لیے بھی 348£ ادا کرنا ہوں گے۔

### ہیلتھ کیئر سر چارج

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ ہیلتھ کیئر سر چارج بھی ادا کرنا ہو گا۔ چیک کریں کہ اپلائی کرنے سے پہلے ادائیگی کیسے کرنی ہے۔

### آپ کتنے عرصے تک قیام کر سکتے ہیں

آپ اپنے کورس شروع ہونے سے پہلے یوکے میں پہنچ سکتے ہیں۔

- ایک ہفتہ پہلے، اگر کورس 6 مہینے یا اِس سے کم مدت کا ہے۔
- 1 ماہ پہلے، اگر کورس 6 مہینے یا اِس سے زیادہ مدت کا ہے۔

آپ کی مدتِ قیام کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس قسم کا کورس کر رہے ہیں اور اس سے پہلے کونسی سٹڈی مکمل کر چکے ہیں۔

## آپ کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیوں کے اہل ہیں:

- سٹڈی؛
- سٹوڈنٹ یونین کے sabbatical آفیسر کے طور پر کام کرنا؛
- یوکے کے اندر یا باہر سے اپلائی کرنا؛
- اپنے قیام کی توسیع کے لیے اپلائی کرنا؛
- زیادہ تر ملازمتوں میں کام کرنا–اِس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کا کورس کس سطح کا ہے اور سپانسر کس نوعیت کا ہے۔

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں نہیں کر سکتے:

- پبلک فنڈز حاصل کرنا؛
- مخصوص ملازمتیں کرنا، مثلاً پروفیشنل سپورٹس مین یا سپورٹس کوچ۔؛
- کسی اکیڈمی یا لوکل اتھارٹی کے فنڈ سے چلنے والے (maintained school) سکول میں پڑھنا۔

شاید آپ اہل خانہ (زیرِ کفالت) کو بھی پاس لانے کے قابل ہوں۔

قیام کی مدت اور اِس دوران کیے اور نہ کیے جا سکنے والے کاموں کے متعلق مکمل راہنمائی کے لیے ہدایات پڑھیں۔

## اہلیت

آپ کے لیے ضروری ہے کہ:

- ایک لائسنس یافتہ Tier 4 سپانسر کے ساتھ کورس میں داخلے کی غیر مشروط پیش کش؛
- آپ کے پاس اتنی رقم موجود ہے کہ اپنا اور کورس کا خرچ اُٹھا سکیں–درکار رقم حالات کی مناسبت سے ہو گی؛
- دستاویزات کی مکمل فہرست اور درکار رقم کے متعلق مکمل راہنمائی کے لیے ہدایات اور اپنڈکس پڑھیں۔

## آپ کا کورس

آپ ایک کورس کر سکتے ہیں جو مندرجہ ذیل میں سے ایک ہو:

- فل ٹائم کورس اور اس کے نتیجے میں Ofqual رجسٹر میں کم از کم لیول 6 کے لیے اہلیت پیدا ہو۔
- پارٹ ٹائم کورس اور اس کے نتیجے میں Ofqual رجسٹر میں کم از کم لیول 7 کے لیے اہلیت پیدا ہو۔
- ڈگری لیول کی سٹڈی کا ایک اوورسیز کورس جو یو کے ہائر ایجوکیشن کورس کے مساوی ہو اور ایک اوورسیز ہائر ایجوکیشن ادارے کے زیرِ اہتمام ہو۔
- فل ٹائم کورس، دن کے وقت منظم سٹڈی کے تقریباً 15 گھنٹے فی ہفتہ کے ساتھ، اور اِس کے نتیجے میں Ofqual رجسٹر میں کم از کم لیول 3 کے لیے اہلیت پیدا ہو۔
- پوسٹ گریجوایٹ ڈاکٹر یا ڈینٹسٹ کے طور پر ایک تسلیم شدہ فاؤنڈیشن پروگرام۔
- کامن یورپیئن فریم ورک آف ریفرنس فار لینگویجز میں B2 یا برتر لیول پر ایک انگلش لینگویج کورس۔

## پوسٹ گریجوایٹ ڈاکٹر اور ڈینٹسٹ

آپ اِس ویزے کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں جب آپ کو ایک تسلیم شدہ فاؤنڈیشن پروگرام کے لیے سپانسر کیا گیا ہو اور آپ نے:

- میڈیسن یا ڈینٹسٹری میں ایک تسلیم شدہ یو کے ڈگری مکمل کی ہو۔
- وہ ڈگری ایک رجسٹرڈ Tier 4 سپانسر سے حاصل کی ہو۔
- اپنا آخری سال اور سٹڈیز کا کم از کم ایک اور سال یو کے میں اس ڈگری کے لیے گزارا ہو۔

## سٹڈیز کے لیے قبولیت کی تصدیق

آپ کا تعلیمی ادارہ آپ کو ایک ریفرنس نمبر دے گا جسے سٹڈیز کے لیے قبولیت کی تصدیق(CAS) کہتے ہیں۔ یہ نمبر اُس وقت بھیجا جائے گا جب وہ آپ کو کسی کورس میں داخلے کی پیش کش کریں گے۔ پھر بھی ویزا درخواست میں اِسے درج کرنا پڑے گا۔

آپ کو اپنا CAS موصول ہونے کے بعد 6 ماہ کے اندر اندر اپنا ویزا اپلائی کرنا ہو گا۔

اگر آپ قبل ازیں یو کے میں سٹڈی کر چکے ہیں.....

تو آپ مخصوص حالات میں ہی CAS حاصل کر سکتے ہیں (اگر یو کے کے اندر سے اپلائی کر رہے ہیں)۔

اگر آپ اپنی سٹڈیز کا سلسلہ جاری رکھ رہے ہیں

## آپ CAS حاصل کر سکتے ہیں، اگر آپ:

- امتحان میں دوبارہ حصہ لے رہے یا موڈیولز دوہرا رہے ہیں۔
- کورس مکمل کرنے کے لیے نئے ادارے میں پہلی بار اپلائی کر رہے ہیں کیونکہ پہلے والا ادارہ اپنی Tier 4 سپانسر شپ کھو بیٹھا۔
- اپنے قیام میں توسیع کے لیے اپلائی کر رہے ہیں تاکہ اپنی سٹڈیز مکمل کر سکیں کیونکہ آپ ایک ورک پلیسمنٹ یا بیرون ملک سٹڈی پروگرام کیا ہے (یا کرنا چاہتے ہیں)۔
- ایک پی ایچ ڈی یا دیگر ڈاکٹریٹ مکمل کر رہے ہیں جو اپنے سابق Tier 4 (جنرل) سٹوڈنٹ ویزا کے تحت شروع کی تھی۔
- سٹوڈنٹ یونین sabbatical آفیسر کے طور پر کام کے لیے اپلائی کر رہے ہیں تاکہ سابق Tier 4 (جنرل) سٹوڈنٹ ویزا کے تحت شروع کی گئی کوالیفکیشن مکمل کر سکیں۔
- بیچ میں آ جانے والے (intercalated) ایک کورس کو مکمل کرنے کے بعد میڈیکل، ڈینٹسٹری یا میڈیکل سائنس کی ڈگری جاری رکھنا چاہتے ہیں۔

## اگر آپ ایک نیا کورس شروع کر رہے ہیں

آپ مندرجہ ذیل میں سے ایک کورس کی صورت میں CAS حاصل کر سکتے ہیں:

- سابق کورس کی نسبت برتر تعلیمی سطح پر۔
- سابق کورس کی ہی سطح پر اور اُس سے منسلک کورس یا کیریئر بنانے کے ارادے – یہ ڈگری لیول کا یا اُس سے اوپر ہائر ایجوکیشن انسٹی ٹیوشن (HEI) میں ہونا چاہیے۔
- Tier 4 (جنرل) سٹوڈنٹ ویزا کے تحت شروع کیے ہوئے میڈیکل، ڈینٹسٹری یا میڈیکل سائنس کورس کے بیچ میں آجانے والا (intercalated) ایک کورس۔

## اگر آپ یو کے میں کام کرنے کے لیے اپلائی کر رہے ہیں

اگر آپ مندرجہ ذیل میں سے ایک کے لیے اپلائی کر رہے ہیں تو CAS حاصل کر سکتے ہیں:

- سٹوڈنٹ یونین کے sabbatical آفیسر کے طور پر کام کرنا؛
- پی ایچ ڈی یا ڈاکٹر مکمل کر لینے کے بعد کام تلاش کرنے کے لیے یو کے میں ہی ٹھہرنا - 'ڈاکٹریٹ ایکسٹنشن سکیم' (DES)۔

## انگلش سے واقفیت

آپ کو اپلائی کرتے وقت انگلش زبان سے واقفیت ثابت کرنا ہو گی:

| عموماً اِس کا مطلب ایک secure انگلش لینگویج ٹیسٹ (SELT) پاس کرنا ہے۔<br><br>آپ کہاں سٹڈی کر رہے ہیں۔ | آپ کیا سٹڈی کر رہے ہیں؟ | انگلش کا درکار علم۔ | لیول |
|---|---|---|---|
| ◊ اعلیٰ تعلیمی ادارہ (HEI) | ◊ ڈگری لیول یا زائد۔ | ◊ پڑھنا، لکھنا، سننا اور بولنا۔ | ◊ CEFR (کامن یورپین فریم ورک فار لینگوئجز) لیول B2 کے مساوی۔ |
| ◊ ایسا ادارہ جو HEI نہیں۔ | ◊ ڈگری لیول یا زائد۔ | ◊ پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے میں SELT۔ | ◊ CEFR لیول B2۔ |
| ◊ کوئی بھی ادارہ۔ | ◊ ڈگری لیول سے کم۔ | ◊ پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے میں SELT۔ | ◊ CEFR لیول B1۔ |

اعلیٰ تعلیمی ادارہ (ہائر ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ) انتخاب کر سکتا ہے کہ کسی طالب علم کے انگلش سے واقفیت کو کیسے جانچنا ہے۔

- CEFR لیول B2، اگر آپ ڈگری لیول یا اِس سے اوپر کے لیول پر سٹڈی کر رہے ہیں۔
- پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے میں SELT اور اگر ڈگری لیول پر سٹڈی نہیں کر رہے ہے تو CEFR لیول B1۔
- اگر آپ کو ایک SELT پاس کرنا ہے تو یہ منظور شدہ ادارے سے ہونا چاہیے۔

مفصل معلومات کے لیے ویزا کی راہنما ہدایات چیک کریں۔

## مستثنیٰ صورتیں

اگر آپ نے مندرجہ ذیل ممالک میں یو کے کی ڈگری کے مساوی اہلیت مکمل کی ہے تو انگلش سے اپنی واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت نہیں:

- اینٹیگوااور بربوڈا
- آسٹریلیا
- باہاماز
- بارباڈوس
- بیلیزے(Belize)
- ڈومینیکا
- گریناڈا(غرناطہ)
- گیانا
- آئرلینڈ
- جمیکا
- نیوزی لینڈ
- سینٹ کِٹس اینڈ نیوِس
- سینٹ لُوسیا
- سینٹ ونسنٹ اور گریناڈینز
- ٹرینی ڈیڈ اور ٹوبیگو
- یوکے
- یو ایس اے

اُس صورت میں آپ کو انگلش سے اپنی واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت نہیں اگر آپ مندرجہ ذیل میں سے ایک کا اطلاق ہوتا ہو:

- آپ کینیڈا یا اوپر مذکور ممالک میں سے کسی کے شہری ہیں۔
- آپ نے قبل ازیں یوکے میں بطور Tier 4 (چائلڈ) سٹوڈنٹ سٹڈی کی ہے۔
- آپ یو ایس اے میں یونیورسٹی ڈگری کورس کے سلسلے میں بیرون ملک سٹڈی پروگرام کے لیے یوکے آنے کی درخواست دے رہے ہیں۔

## ضروری دستاویزات

ویزا اپلائی کرتے وقت آپ کو مندرجہ ذیل دستاویزات فراہم کرنا ہوں گے:

- ایک کارآمد پاسپورٹ یا دیگر سفری شناختی دستاویز۔
- ثبوت کہ آپ اپنے ٹرِپ کے دوران اپنا خرچہ اُٹھا سکتے ہیں، اِس کا انحصار آپ کے حالات پر ہے۔
- باپ/ماں یا سرپرست کا اجازت نامہ (اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے)۔
- اپنے باپ/ماں یا سرپرست سے تعلق کا ثبوت (اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے)۔
- آپ کے ٹی بی ٹیسٹ کے نتائج، اگر آپ ایسے ملک میں جہاں ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔
- آپ کے پاسپورٹ میں ایک صفحہ خالی ہونا چاہیے جس پر ویزا لگایا جا سکے۔
- آپ کو اپنے حالات کے مطابق اضافی دستاویزات مہیا کرنے کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے۔

دستاویزات کی مکمل فہرست اور درکار رقم (حالات کے مطابق) کے متعلق مکمل راہنمائی کے لیے ہدایات پڑھیں۔

## اپلائی کب کرنا ہے

آپ کو چاہیے کہ اپلائی کرنے سے پہلے راہنما ہدایات اچھی طرح پڑھ لیں۔

## یوکے کے باہر سے اپلائی کرنا

- آپ کو Tier 4 (جنرل) سٹوڈنٹ ویزا آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔
- آپ کو کسی ویزا اپیلی کیشن سنٹر پر اپنی فنگر پرنٹس اور تصویر دینا ہوں گی (تاکہ بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ حاصل کر سکیں۔)
- آپ کو اپنا بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ یوکے پہنچنے کی متوقع تاریخ سے 10 دن پہلے وصول کرنا ہو گا (خواہ آپ اصل میں کسی بعد کی تاریخ پر بھی پہنچیں)۔
- اپنے ویزا اور دیگر سروسز زیادہ تیزی سے مل سکتی ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس ملک میں ہیں۔ اپنے ویزا اپیلی کیشن سنٹر سے چیک کریں۔

## اپنے ویزے میں توسیع کروانا

اپنا کورس جاری رکھنے یا نیا کورس شروع کرنے کے لیے آپ کو مزید قیام کی ضرورت پڑسکتی ہے۔

آپ کو چاہیے کہ:

- اِس ویزے کی اہلیت کے تقاضے پورے کریں۔
- یو کے میں ہوں۔
- ایک سپانسر بنائیں۔

## کون آپ کو سپانسر کر سکتا ہے

آپ سٹڈی کے لیے اپنی چھٹی کی توسیع صرف تب کر سکتے ہیں جب موجودہ سپانسر:

- ایک ہائر ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ(HEI)ہو؛
- ایک اوورسیز ہائر ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ ہو؛
- کورسز پیش کرنے والا embedded کالج ہو؛
- ایک خود مختار سکول ہو۔

اگر موجودہ ویزے پر زیر کفالت افراد بھی ہیں تو اپنی درخواست میں اُنھیں بھی شامل کریں، بشمول بچوں کے جن کی عمر آپ کے قیام کے دوران 18 سال ہو گئی ہے۔

اپلائی کرنے سے پہلے Tier 4 (جنرل) ویزا کی راہنما ہدایات اچھی طرح پڑھ لیں۔

## اپلائی کب کرنا ہے

- CAS سٹڈیز کے لیے قبولیت کا تصدیق نامہ ملنے کے بعد 6 ماہ کے اندر اندر۔
- موجودہ ویزے کی میعاد پوری ہونے سے پہلے، لیکن اپنے CAS پر کورس کی تاریخِ آغاز سے تین ماہ قبل سے زیادہ نہیں۔

اپنا فیصلہ لینے تک آپ کو یو کے میں رہنا ہو گا۔

## فیس

ہر ایک فرد کے لیے آپ کو یہ فیس ادا کرنا ہو گی:

**£475** اِس ویزے کی توسیع کے لیے

ہیلتھ کیئر سرچارج–چیک کریں کہ آپ کو کتنا ادا کرنا ہو گا۔

**£19.20** اپنی بائیو میٹرک (فنگر پرنٹس اور فوٹو) معلومات لینے کے لیے۔

اگر آپ معمول کے 8 ہفتے سے پہلے فیصلہ لینا چاہتے ہیں تو اضافی فیس ادا کر سکتے ہیں:

**£500** کام کے 5 دن میں فیصلہ لینے کی ترجیحی سروس کے لیے۔

**£800** کام کے 1 دن میں فیصلہ لینے کی اعلیٰ ترجیحی سروس کے لیے۔

## اپلائی کرنا

آپ کو آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔

اپنی بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) اور دستاویزات مہیا کریں۔

اپلائی کرنے پر آپ سے کہا جائے گا کہ یو کے ویزا اینڈ سٹیزن شپ اپلی کیشن سروسز(UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تا کہ 'بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

آپ کو دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ آپ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کرواسکتے ہیں۔

آپ کو چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یو کے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو آپ کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## اِس سے اگلا مرحلہ کیا ہے

اگر آپ کی درخواست پیچیدہ ہے اور زیادہ وقت لگے گا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا، مثلاً

- آپ کے فراہم کردہ دستاویزی ثبوتوں کی تصدیق کروانے کی ضرورت ہے۔
- آپ کو انٹرویو میں آنے کی ضرورت ہے۔
- کسی ذاتی صورت حال کی وجہ سے (مثلاً آپ کسی جرم کا ارتکاب کر چکے ہیں)۔

# یوکے میں کام کرنا

## جنرل ورک ویزا(Tier 2)

آپ اُس صورت میں جنرل ورک ویزا(Tier 2)اپلائی کرسکتے ہیں جب:

آپ کو یوکے میں ایک ہنر مندانہ(skilled)ملازمت کی پیشکش کی گئی ہو۔

آپ یورپیئن اکنامک ایریا(EEA)اور سوئٹزر لینڈ سے باہر ہوں۔

## سپانسر حاصل کرنا

یوکے میں رہائش اپلائی کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ایک لائسنس یافتہ سپانسر نے آپ کو ملازمت پر رکھا ہو۔

سپانسر چیک کرتا ہے کہ آپ وہ کام کرسکتے ہیں جس کے لیے آپ کو ملازمت دی جا رہی ہے اور آپ ایک ویزا لینے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ وہ اِس بات کو ثابت کرنے کے لیے آپ کو ایک سرٹیفکیٹ آف سپانسرشپ دیں گے۔

اُنھیں آپ کو اپلائی کرتے وقت درکار دیگر معلومات بھی دینا ہوں گی، مثلاً آپ کو کتنی ادائیگی کی جائے گی۔

## اِس میں کتنے عرصہ لگے گا

آپ یوکے میں اپنا کام شروع ہونے کی تاریخ سے 3 ماہ پہلے ویزا اپلائی کر سکتے ہیں۔ کام شروع ہونے کی تاریخ سرٹیفکیٹ آف سپانسرشپ پر درج ہو گی۔

آپ کو اپنے ویزا پر فیصلہ اپلائی کرنے کے بعد 3 ہفتے میں مل جانا چاہیے (جب آپ یوکے کے باہر سے اپلائی کر رہے ہوں)۔

راہنما ہدایات چیک کر کے معلوم کریں کہ جس ملک سے اپلائی کر رہے ہیں وہاں ویزا حاصل کرنے میں کتنا وقت لگتا ہے۔

## فیس

آپ کو جنرل ورک ویزا (Tier 2) کے لیے کتنی رقم ادا کرنا ہو گی؟ اِس کا انحصار ویزا کی قسم اور اِس بات پر ہے کہ آپ کہاں موجود ہیں:

### تین سال تک

| آپ کس کے لیے اپلائی کر رہے ہیں | اپلائی (یو کے سے باہر) | توسیع یا سوئچ (یو کے میں) |
|---|---|---|
| خود | £610 | £704 |
| خود–ترکی یا مقدونیہ کے شہری کے طور پر | £555 | £649 |
| تمام زیرِ کفالت افراد | £610 فی فرد | £704 فی فرد |

## تین سال تک – shortageپیشہ

shortageپیشہ ایک ہنر مندانہ ملازمت ہے جس میں یو کے کے اندر ورکرز کی کمی ہو۔

| آپ کس کے لیے اپلائی کر رہے ہیں | اپلائی (یو کے سے باہر) | توسیع یا سوئچ (یو کے میں) |
|---|---|---|
| خود | £464 | £464 |
| خود–ترکی یا مقدونیہ کے شہری کے طور پر | £409 | £409 |
| تمام زیرِ کفالت افراد | £464فی فرد | £464فی فرد |

## تین سال سے زائد

| آپ کس کے لیے اپلائی کر رہے ہیں | اپلائی (یو کے سے باہر) | توسیع یا سوئچ (یو کے میں) |
|---|---|---|
| خود | £1,220 | £1,408 |
| خود–ترکی یا مقدونیہ کے شہری کے طور پر | £1,165 | £1,353 |
| تمام زیرِ کفالت افراد | £1,220 فی فرد | £1,408 فی فرد |

## تین سال سے زائد- shortageپیشہ

shortageپیشہ ایک ہنر مندانہ ملازمت ہے جس میں یو کے کے اندر ورکرز کی کمی ہو۔

| آپ کس کے لیے اپلائی کر رہے ہیں | اپلائی (یو کے سے باہر) | توسیع یا سوئچ (یو کے میں) |
|---|---|---|
| خود | £928 | £928 |
| خود-ترکی یا مقدونیہ کے شہری کے طور پر | £873 | £873 |
| تمام زیرِ کفالت افراد | £928 فی فرد | £928 فی فرد |

## ہیلتھ کیئر سرچارج

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ ہیلتھ کیئر سرچارج بھی ادا کرنا ہو گا۔ چیک کریں کہ اپلائی کرنے سے پہلے ادائیگی کیسے کرنی ہے۔

اگر آپ یو کے میں توسیع یا سوئچ کے لیے اپلائی کر رہے ہیں:

آپ کو اپنی بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور فوٹو) کے لیے **£19.20** ادا کرنا ہوں گے۔

## جلد فیصلہ لینے کے لیے

اگر آپ یو کے میں توسیع یا سوئچ کے لیے اپلائی کر رہے ہیں تو اضافی فیس ادا کر سکتے ہیں:

**£500** کام کے 5 دن میں فیصلہ لینے کی ترجیحی سروس کے لیے۔

**£800** کام کے 1 دن میں فیصلہ لینے کی اعلیٰ ترجیحی سروس کے لیے۔

## آپ کتنا عرصہ قیام کرسکتے ہیں

آپ Tier 2 (جنرل) ویزا پر زیادہ سے زیادہ 5 سال اور 14 دن یا سپانسر شپ سرٹیفکیٹ پر درج مدت + ایک ماہ (دونوں میں سے جو بھی کم ہو) کے لیے یو کے آسکتے ہیں۔

آپ سپانسر شپ سرٹیفکیٹ پر درج تاریخ آغاز سے 14 دن پہلے تک اپنا قیام شروع کرسکتے ہیں۔

**مثال:**

اگر آغاز کی تاریخ 15 جولائی ہے تو یکم جولائی کو قیام شروع کیا جاسکتا ہے۔

آپ اِس ویزے میں مزید 5 سال کی توسیع اپلائی سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ کے قیام کی کل مدت 6 سال سے زائد نہ ہو۔

## آپ کیا کرسکتے ہیں اور کیا نہیں

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیوں کے اہل ہیں:

- اپنے سپانسر کے لیے سپانسر شپ سرٹیفکیٹ میں بیان کردہ کام انجام دینا۔
- مخصوص حالات میں دوسری ملازمت کرنا۔
- رضاکارانہ کام کرنا۔
- سٹڈی کرنا، بشرطیکہ یہ آپ کی سپانسر شدہ ملازمت میں دخل اندازی نہ کرے۔
- بیرون ملک سفر کرنا اور واپس یو کے آنا۔
- اپنے اہلِ خانہ کو بھی اپنے پاس لانا۔

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں نہیں کرسکتے:

- اپنے سپانسر کے شیئرز کے 10 فیصد سے زائد کا مالک بننا (جب تک کہ آپ سالانہ 159600£ سے زیادہ نہ کمارہے ہوں)۔
- پبلک فنڈز حاصل کرنا۔
- اپنے سپانسر کے لیے کام شروع کرنے سے قبل دوسری ملازمت کے لیے درخواست دینا۔

## اہلیت

آپ کو ضرورت ہے کہ:

- اپنی ملازمت کے لیے ایک کارآمد سپانسر شپ سرٹیفکیٹ ہو۔
- ثابت کریں کہ آپ کو اپنی ملازمت کے لیے موزوں تنخواہ ادا کی جا رہی ہے۔
- انگلش زبان کا علم ثابت کریں۔
- ذاتی بچت ہو تاکہ یو کے پہنچ کر اپنا خرچ اُٹھا سکیں۔
- ثابت کر سکیں کہ آپ سفر کر سکتے ہیں اور گزشتہ پانچ سال کے دوران آپ کے سفر کی تاریخ کیا ہے۔
- آپ کے ٹی بی ٹیسٹ کے نتائج، اگر آپ ایسے ملک میں جہاں ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔
- کسی بھی ایسے ملک کی جانب سے مجرمانہ ریکارڈ کا سرٹیفکیٹ مہیا کریں جہاں آپ گزشتہ 10 سال میں 12 ماہ یا زائد عرصہ رہے ہوں (اگر آپ زدپذیر لوگوں کے ساتھ کام کریں گے)۔
- اگر آپ ایک Tier 4 ویزا سے سوئچ کر رہے ہیں تو اِس کے اہل ہوں۔

## سپانسر شپ سرٹیفکیٹ

سپانسر شپ سرٹیفکیٹ میں آپ کو پیش کی گئی ملازمت کے متعلق معلومات اور آپ کی ذاتی معلومات ہوتی ہیں۔ یہ کاغذی دستاویز نہیں بلکہ الیکٹرانک ریکارڈ ہے۔ آپ کا سپانسر ایک سپانسر شپ ریفرنس نمبر دے گا تاکہ آپ اُسے درخواست میں درج کر سکیں۔

آپ اپنا سپانسر شپ ریفرنس نمبر صرف ایک بار استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ حاصل ہونے کے تین ماہ بعد استعمال کرنا ہو گا۔

## موزوں تنخواہ

آپ کی تنخواہ کم از کم 30,000£ سالانہ یا پیش کی گئی ملازمت کی مناسبت سے ہونی چاہیے (دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہو)۔ پیش کی گئی ملازمت کا موزوں ریٹ چیک کریں۔

اُن صورتوں کے متعلق راہنما ہدایات چیک کریں جب آپ کو کم ادائیگی کی جاسکتی ہے، مثلاً اگر:

- آپ نے میڈیکل ریڈیوگرافر، نرس، پیرامیڈک یا کچھ مضامین کے سیکنڈری سکول ٹیچر کے طور پر کام کرنا ہو۔
- آپ نے پری رجسٹریشن نرس یا دایا کے طور پر کام کرنا ہو۔

## ذاتی بچت

اپلائی کرنے سے پہلے 90 دن تک آپ کے بینک اکاؤنٹ میں 945£ ہونے لازمی ہیں۔ اِس سے ثابت ہو گا کہ آپ اپنا خرچ اُٹھا سکتے ہیں۔

اگر آپ کو مکمل طور پر سپانسر (A rated) کیا گیا ہے تو یہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ سپانسر کرنے والا آپ کو ضرورت پڑنے پر ماہانہ خرچ کے لیے کم از کم 945£ دے سکتا ہے۔ سپانسر کو سپانسرشپ سرٹیفکیٹ پر اِس بات کی توثیق کرنا ہو گی۔

## انگلش سے واقفیت

آپ کو اپلائی کرتے وقت انگلش سے واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

آپ دو طریقوں سے انگلش سے واقفیت ثابت کر سکتے ہیں:

- پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے میں کم از کم CEFR لیول B1 کے ساتھ منظور شدہ انگلش لینگویج ٹیسٹ پاس کر کے۔
- تعلیمی اہلیت رکھتے ہوں جو انگلش میں پڑھی ہو اور UK NARIC اِسے یو کے کی بیچلر ڈگری، ماسٹر ڈگری یا پی ایچ ڈی کے مساوی تسلیم کرتا ہو۔

ہو سکتا ہے کہ آپ دیگر طریقوں سے انگلش زبان سے واقفیت کے تقاضے کو پورا کرنے کا قابل ہوں یا کچھ صورتوں میں برتر سطح کی انگلش کی ضرورت ہو۔ مفصل معلومات کے لیے راہنما ہدایات چیک کریں۔

## مستثنیٰ صورتیں

اگر آپ نے مندرجہ ذیل ممالک میں یو کے کی ڈگری کے مساوی اہلیت مکمل کی ہے تو انگلش کا اپنا علم ثابت کرنے کی ضرورت نہیں:

- اینٹیگوا اور بربوڈا
- آسٹریلیا
- باہاماز
- بارباڈوس
- بیلیزے (Belize)
- کینیڈا
- ڈومینیکا
- گریناڈا (غرناطہ)
- گیانا
- جمیکا
- نیوزی لینڈ
- سینٹ کِٹس اینڈ نیوِس
- سینٹ لُوسیا

- سینٹ ونسنٹ اور گریناڈینز
- ٹرینی ڈیڈ اور ٹوبیگو
- یو ایس اے

کچھ دیگر حالات میں بھی آپ کو اپنی انگلش سے واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت نہیں–ویزا کے لیے راہنماہدایات چیک کریں۔

## ضروری دستاویزات

اپلائی کرتے وقت آپ کو مندرجہ ذیل دستاویز فراہم کرنا ہوں گے:

- سپانسر شپ سرٹیفکیٹ کا ریفرنس نمبر۔
- انگلش سے واقفیت کا ثبوت۔
- بینک یا بلڈنگ سوسائٹی کی سٹیٹمنٹ یا لیٹر جو ثابت کرے کہ آپ کے پاس خاطر خواہ ذاتی بچت موجود ہے (بشر طیکہ سپانسر شپ سرٹیفکیٹ سے یہ نہ ثابت ہو کہ سپانسر آپ کی کفالت کرے گا)۔
- کارآمد پاسپورٹ یا سفری دستاویز جو ثابت کرے کہ آپ سفر کر سکتے ہیں- آپ کے پاسپورٹ میں ایک صفحہ خالی ہونا چاہیے جس پر ویزا لگایا جا سکے۔
- وہ پاسپورٹ یا سفر دستاویزات جن کی میعاد ختم ہو چکی ہے (اگر اپنی ٹریول ہسٹری دکھانا چاہتے ہوں)۔
- آپ کے ٹی بی ٹیسٹ کے نتائج، اگر آپ ایسے ملک میں جہاں ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔
- مجرمانہ ریکارڈ کا سرٹیفکیٹ مہیا کریں (اگر آپ زدپذیر لوگوں کے ساتھ کام کر رہے ہیں)۔
- آپ کو ایسے دستاویزات کا تصدیق شدہ ترجمہ بھی مہیا کرنا ہو گا جو انگلش یا ویلش میں نہیں ہیں۔

راہنماہدایات پڑھ کر معلوم کریں کہ آپ کونسے دستاویزات مہیا کر سکتے ہیں۔

آپ کو اپنے حالات کے مطابق اضافی دستاویزات مہیا کرنے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔

## مجرمانہ ریکارڈ کا سرٹیفکیٹ

اگر آپ مندرجہ ذیل شعبوں میں کام کرتے ہیں تو مجرمانہ ریکارڈ کا سرٹیفکیٹ بھی مہیا کرنا ہوگا:

- تعلیم، مثلاً اساتذہ، تعلیمی مشیر اور سکول انسپکٹر۔
- ہیلتھ کیئر، مثلاً نرسیں، ڈاکٹر، مینجرز، فارماسسٹس، ڈینٹسٹ، ماہرِ امراض چشم۔
- تھراپی، مثلاً ماہرین نفسیات، زبان کے تھراپسٹ۔
- سوشل سروسز، مثلاً سوشل ورکرز، مینجرز، پروبیشن آفیسرز۔

## اپلائی کرنا

آپ کو چاہیے کہ اپلائی کرنے سے پہلے راہنما ہدایات اچھی طرح پڑھ لیں۔

## یوکے کے باہر سے اپلائی کرنا

- آپ کو Tier 2 (جنرل) ویزا آن لائن اپلائی کرنا ہوگا۔
- آپ کو کسی ویزا اپلی کیشن سنٹر پر اپنی فنگر پرنٹس اور تصویر دینا ہوں گی (تاکہ بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ حاصل کر سکیں۔)
- آپ کو اپنا بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ یوکے پہنچنے کی متوقع تاریخ سے 10 دن پہلے وصول کرنا ہوگا۔
- اپنے ویزا اور دیگر سروسز (مثلاً ترجمہ) زیادہ تیزی سے مل سکتی ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس ملک میں ہیں۔ اپنے ویزا اپلی کیشن سنٹر سے چیک کریں۔

## اپنے ویزا کی توسیع کروانا

آپ یوکے میں آپ کو Tier 2 (جنرل) ویزا کے تحت اپنے قیام میں توسیع کی درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر موجودہ ویزے پر زیرِ کفالت افراد بھی ہیں تو اپنی درخواست میں اُنھیں بھی شامل کریں، بشمول بچوں کے جن کی عمر آپ کے قیام کے دوران 18 سال ہوگئی ہے۔ اُنھیں ایک علیحدہ درخواست بھی دینا ہوگی۔

آپ کو چاہیے کہ کارآمد ویزا کی میعاد پوری ہونے سے پہلے ہی توسیع اپلائی کر دیں۔

## اہلیت

ضروری ہے کہ آپ کو Tier 2 (جنرل) ویزا پر داخلے یا قیام کی اجازت ہو۔
آپ کو مندرجہ ذیل شرائط بھی پوری کرنا ہوں گی:

- آپ کے پاس وہی ملازمت ہو جو پچھلی مرتبہ یوکے میں داخلے یا قیام کی اجازت حاصل کرنے کے وقت تھی۔
- آپ اب بھی اُسی ایمپلائر کے لیے کام کر رہے ہوں جس نے آپ کو سپانسر شپ سرٹیفکیٹ دیا تھا۔
- آپ ابھی تک ایک 'موزوں تنخواہ' کما رہے ہوں– اگر اِس بارے میں کچھ شکوک ہیں تو راہنما ہدایات پڑھیں۔
- ویزے کی توسیع کروانے کے لیے آپ کو یوکے میں ہونا چاہیے۔

## آپ کب تک قیام کر سکتے ہیں

آپ اِس ویزے میں مزید 5 سال کی توسیع اپلائی سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ کے قیام کی کل مدت 6 سال سے زائد نہ ہو۔

## فیس

اپنے ویزے کی قسم کے لیے فیس چیک کریں۔

## اپنے ویزے میں توسیع کیسے کروانی ہے

اپلائی کرنے سے پہلے Tier 2 (جنرل) ویزا کی راہنما ہدایات اچھی طرح پڑھ لیں۔

آپ کو فرد یا فیملی گروپ کے طور پر آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔

اپنی بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) اور دستاویزات مہیا کریں۔

اپلائی کرنے پر آپ سے کہا جائے گا کہ یو کے ویزا اینڈ سٹیزن شپ ایپلی کیشن سروسز (UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تا کہ بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

آپ کو دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ آپ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کروا سکتے ہیں۔

آپ کو چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یو کے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو آپ کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## اس میں کتنا عرصہ لگتا ہے

- اگر آپ سٹینڈرڈ سروس استعمال کریں تو درخواست دینے کی تاریخ کے بعد 8 ہفتے کے اندر اندر فیصلہ ہو جاتا ہے۔
- اگر آپ ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 5 دن میں۔
- اگر آپ خصوصی ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 1 دن میں۔

اگر آپ کی درخواست پیچیدہ ہے اور زیادہ وقت لگے گا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا، مثلاً

- آپ کے فراہم کردہ دستاویزی ثبوتوں کی تصدیق کروانے کی ضرورت ہے۔
- آپ کو انٹرویو میں آنے کی ضرورت ہے۔
- آپ کسی جرم کا ارتکاب کر چکے ہیں۔

جب آپ اپلائی کر دیں تو فیصلہ ہو جانے تک یو کے میں ہی رہ سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ نے گزشتہ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اپلائی کیا ہو۔

## اگر آپ اپنی ملازمت تبدیل کر لیں

آپ کو ایک نئی Tier 2(جنرل)ویزادرخواست دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے،اگر:

- آپ اپنی ملازمت بدلنا چاہتے ہیں اور نئی ملازمت کا ایمپلائر کوئی اور ہے۔
- آپ کی ملازمت ایک مختلف سٹینڈرڈ occupation کلا سیفیکیشن (SOC) کوڈ میں تبدیل ہو گئی ہے۔ اور آپ ایک گریجوایٹ ٹریننگ پروگرام میں نہیں ہیں۔
- آپ shortage occupation لسٹ والی ملازمت چھوڑ کر کوئی اور ملازمت کر لیں۔

اگر اُسی ملازمت میں ہیں لیکن آپ کی ملازمت shortage occupation سے نکل گئی ہے تو دوبارہ اپلائی کرنے کی ضرورت نہیں۔

اگر آپ اُسی ایمپلائر کے پاس رہیں گے لیکن ملازمت کسی اور لحاظ سے بدل جائے گی (مثلاً اُسی SOC کوڈ میں ملازمت تبدیل کرنا چاہیں) یا تنخواہ میں اضافہ ہو جائے گا تو آپ کو نئی درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

آپ کے پاس ایک سپانسر شپ سرٹیفکیٹ ہونا لازمی ہے اور درخواست کی دیگر شرائط بھی پوری کرنا ہوں گی، لیکن اگر سابق Tier 2 درخواست کے ساتھ دستاویزی ثبوت مہیا کیے تھے تو اب مہیا کرنے کی ضرورت نہیں۔

اگر قیام کی موجودہ اجازت کی میعاد ختم نہیں ہوئی تو آپ نئے سپانسر شپ سرٹیفکیٹ کی تاریخ آغاز آ جانے تک سابق سپانسر کے لیے کام کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔

نئی اجازت کے ساتھ اپنا بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ موصول ہو جانے تک آپ کو اپنی نئی ملازمت شروع نہیں کرنی چاہیے۔

## اِس ویزے پر سوئچ کرنا

آپ کسی اور ویزے سے Tier 2 (جنرل) ویزا پر تبدیلی (سوئچ) کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔

آپ کو موجودہ ویزے کی مدت پوری ہونے سے قبل اپلائی کرنا ہو گا۔

### اہلیت

آپ کو مندرجہ ذیل میں سے کسی ویزا یا سکیم کے تحت پہلے سے یو کے میں ہونا چاہیے:

- Tier 1 ویزا۔
- Tier 2 (سپورٹس مَین) ویزا۔
- Tier 2 (مذہبی منسٹر) ویزا۔
- Tier 2 (کمپنی کے اندر ہی ٹرانسفر) ویزا، بمطابق امیگریشن قواعد مورخہ 6 اپریل 2010ء، اور آپ سپانسر تبدیل کرنے کے لیے اپلائی کر رہے ہوں۔
- Tier 4 ویزا–اگر آپ ایک تعلیمی قابلیت رکھتے ہیں یا پی ایچ ڈی کے کم از کم 12 ماہ مکمل کیے ہیں۔
- سٹارٹ اَپ ویزا۔
- انوویٹر (Innovator) ویزا۔

آپ Tier 2 (جنرل) ویزا پر سوئچ کر سکتے ہیں، اگر:

- Tier 4 ویزا کے ساتھ کسی کے زیر کفالت پارٹنر ہیں۔
- کسی اوورسیز کاروبار کے نمائندے ہیں۔

اگر آپ اِن میں سے کسی کیٹگری میں نہیں آتے تو یو کے سے باہر جا کر اور بیرون ملک سے Tier 2 (جنرل) ویزا کی درخواست دینا ہو گی۔

## Tier 4 ویزا کے لیے قابلیت

مندرجہ ذیل اہلیتوں میں سے ایک حاصل کرنے کے لیے ایک لائسنس یافتہ Tier 4 سپانسر نے آپ کو سپانسر کیا ہو:

- یو کے بیچلرز ڈگری
- یو کے ماسٹرز ڈگری
- تعلیم میں پوسٹ گریجوایٹ سرٹیفکیٹ
- تعلیم کا پروفیشنل گریجوایٹ ڈپلوما۔

## PhDسٹوڈنٹس

آپ نے یوکے میں اپنے حالیہ ترین قیام کے دوران کم از کم 12 ماہ کی سٹڈی مکمل کی ہوئی ہو۔ یہ لائسنس یافتہ Tier 4 سپانسر یا کسی اور ویزے کے ذریعے ہو سکتا ہے جو سٹڈی کی اجازت دیتا ہو۔

## آپ کتنے عرصے تک قیام کر سکتے ہیں

آپ اپنے Tier 2 (جنرل) ویزا پر سوئچ کرنے کے بعد یوکے میں 5 سال تک رہ سکتے ہیں۔

## فیس

اپنے ویزے کی قسم کے مطابق فیس چیک کریں۔

## اپنا ویزا کیسے سوئچ کرنا ہے

اپلائی کرنے سے پہلے راہنما ہدایات برائے Tier 2 پڑھیں۔

آپ کو ایک فرد یا فیملی گروپ کے طور پر آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔

## بائیومیٹرک معلومات اور ضروری دستاویزات مہیا کرنا

اپلائی کرنے پر آپ سے کہا جائے گا کہ یوکے ویزا اینڈ سٹیزن شپ اپلی کیشن سروسز (UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تاکہ بائیومیٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

آپ کو دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ آپ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کروا سکتے ہیں۔

آپ کو چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یوکے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو آپ کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## اس میں کتنا عرصہ لگتا ہے

- اگر آپ سٹینڈرڈ سروس استعمال کریں تو درخواست دینے کی تاریخ کے بعد 8 ہفتے کے اندر اندر فیصلہ ہو جاتا ہے۔
- اگر آپ ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 5 دن میں۔
- اگر آپ خصوصی ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 1 دن میں۔

اگر آپ کی درخواست پیچیدہ ہے اور زیادہ وقت لگے گا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا، مثلاً

- آپ کے فراہم کردہ دستاویزی ثبوتوں کی تصدیق کروانے کی ضرورت ہے۔
- آپ کو انٹرویو میں آنے کی ضرورت ہے۔
- آپ کسی جرم کا ارتکاب کر چکے ہیں۔

جب آپ اپلائی کر دیں تو فیصلہ ہو جانے تک یو کے میں ہی رہ سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ نے گزشتہ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اپلائی کیا ہو۔

## خاندان کے افراد

آپ کے خاندان کے افراد (زیرِ کفالت) اِس ویزے پر آپ کے ساتھ ہی یو کے آ سکتے ہیں۔ خاندان کے افراد اگر یورپیئن اکنامک ایریا (EEA) یا سوئٹزرلینڈ سے نہیں ہیں تو اُنھیں ویزا لینا ہو گا۔

زیرِ کفالت میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی شامل ہے:

- آپ کا شوہر، بیوی یا پارٹنر۔
- آپ کا 18 سال سے کم عمر کا بچہ۔
- آپ کا 18 سال سے زائد عمر کا بچہ، اگر وہ اِس وقت یو کے میں بطور زیر کفالت رہتا ہے۔

اپلائی کرنے سے پہلے زیر کفالت کی درخواستوں کے متعلق راہنما ہدایات پڑھ لیں۔

## ذاتی بچت

آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ آپ کے زیرِ کفالت افراد کا یو کے میں رہنے کے دوران خرچ اٹھایا جا سکتا ہے۔

ہر زیرِ کفالت فرد کے لیے 630£ دستیاب ہوں، خواہ وہ آپ کے ساتھ اپلائی کر رہے ہیں یا علیحدہ۔ اِس کے علاوہ اپنا خرچ اُٹھانے کے لیے آپ کے پاس 945£ ہونے لازمی ہیں۔

آپ کو ثبوت دینا ہو گا کہ آپ کے پاس رقم موجود ہے، اور یہ اپلائی کرنے سے پہلے 90 دن تک آپ یا زیر کفالت فرد کے بینک اکاؤنٹ میں ہو۔

**مثال:** اگر آپ اپنے پارٹنر اور ایک بچے کو ساتھ یو کے لا رہے ہیں تو آپ کے پاس 2,205£ ہونے چاہئیں (945£ اپنے اور 630£ پارٹنر اور 630£ بچے کے لیے)۔

آپ کو اپنی بچتوں کا ثبوت دینے کی ضرورت نہیں، اگر آپ کے پاس:

- ایک پوری طرح منظور شدہ (A rated) سپانسر ہے۔
- سپانسرشپ سرٹیفکیٹ موجود ہے جس میں کہا گیا ہے کہ آپ کا سپانسر آپ کے زیر کفالت افراد کو ماہانہ اخراجات پورے کرنے کے لیے کم از کم 630£ دے گا (اگر ضرورت پڑی)۔

## فیس

اپنے ویزے کی قسم کے مطابق فیس چیک کریں۔

## یو کے سے باہر اپلائی کرنے والے زیرِ کفالت افراد

- آپ کے اہل خانہ کو آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔
- اپنی بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) اور دستاویزات مہیا کریں۔
- اپلائی کرنے پر اُن سے کہا جائے گا کہ یو کے ویزا اپلی کیشن سنٹر پر ایک بائیو میٹرک رہائشی پرمٹ حاصل کریں۔
- وہ اپنا بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ یو کے پہنچنے کی متوقع تاریخ سے پہلے 30 دن میں لے سکتے ہیں۔
- اپنے ویزا اور دیگر سروسز زیادہ تیزی سے مل سکتی ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس ملک میں ہیں۔ اپنے ویزا اپلی کیشن سنٹر سے چیک کریں۔

## یوکے میں خود اپلائی کرنے والے زیرِ کفالت افراد

آپ کے زیرِ کفالت افراد اگر پہلے سے یوکے میں ہیں تو اپنے ویزے میں توسیع یا سوئچ کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔

آپ کے اہل خانہ آن لائن اپلائی کر سکتے ہیں اگر وہ:

- آپ کے پارٹنر ہیں۔
- آپ کی اولاد ہیں۔

آپ کے زیر کفالت افراد کے لیے بہترین بات یہی ہے کہ آپ کے ساتھ ہی اپلائی کریں، لیکن وہ بعد میں بھی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے اہلِ خانہ کے پاس وزیٹر ویزا ہے تو وہ یوکے میں آپ کے زیر کفالت افراد کے طور پر اپلائی نہیں کر سکتے۔

## بائیومیٹرک معلومات اور ضروری دستاویزات مہیا کرنا

اپلائی کرنے پر آپ سے کہا جائے گا کہ یوکے ویزا اینڈ سٹیزن شپ اپلی کیشن سروسز (UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تاکہ بائیومیٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

اُنھیں دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ وہ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کروا سکتے ہیں۔

اُنھیں چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یوکے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو اُن کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## یوکے میں قیام کے دوران پیدا ہونے والے بچے

- اگر یوکے میں قیام کے دوران آپ کے بچے پیدا ہو جائیں تو آپ اُن کے قیام کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ بچے کو ساتھ لے کر یوکے سے باہر اور واپسی کا سفر کرنا چاہتے ہیں تو ایسا کرنا لازمی ہو گا۔
- اپلائی کرتے وقت آپ کو ایک مکمل یوکے پیدائشی سرٹیفکیٹ دینا ہو گا جس میں بچے کے دونوں والدین کے نام درج ہوں۔

## کمپنی کے اندر ٹرانسفر کا ویزا(Tier 2)

کمپنی کے اندر ٹرانسفر کا(Tier 2) ویزا اپلائی کر سکتے ہیں اگر:

- آپ کے اوورسیز ایمپلائر نے اپنے ادارے کی یو کے برانچ میں ایک عہدے کی پیش کش کی ہو۔
- آپ ایسے ملک سے ہیں جو یورپیئن اکنامک ایریا(EEA) یا سوئٹزرلینڈ میں نہیں۔
- آپ اہلیت کے تقاضے پورے کرتے ہیں۔

## سپانسر حاصل کریں

یو کے میں رہائش اپلائی کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ایک لائسنس یافتہ سپانسر نے آپ کو ملازمت پر رکھا ہو۔

سپانسر چیک کرتا ہے کہ آپ وہ کام کر سکتے ہیں جس کے لیے آپ کو ملازمت دی جا رہی ہے اور آپ ایک ویزا لینے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ وہ اِس بات کو ثابت کرنے کے لیے آپ کو ایک سرٹیفکیٹ آف سپانسر شپ دیں گے۔

اُنھیں آپ کو اپلائی کرتے وقت درکار دیگر معلومات بھی دینا ہوں گی، مثلاً آپ کو کتنی ادائیگی کی جائے گی۔

## کمپنی کے اندر ٹرانسفر ویزا کی اقسام

کمپنی کے اندر ٹرانسفر ویزا کی دو اقسام ہیں:

### طویل المدت سٹاف

یہ ویزا اُس وقت اپلائی کریں جب آپ کو ایسے کردار میں منتقل کیا گیا ہو جو کمپنی کے لیے کام کرنے کے تجربے کا تقاضا کرے۔

آپ کے لیے ضروری ہو گا کہ اپنی کمپنی کے لیے 12 ماہ سے زائد کام کر چکے ہوں، بشرطیکہ وہ آپ کو یو کے میں کام کے لیے £73,900 یا زائد سالانہ تنخواہ دے رہے ہوں۔

## گریجوایٹ ٹرینی (زیر تربیت)

یہ ویزا اسپیشلسٹ کے کردار کے لیے گریجوایٹ ٹرینی پروگراموں میں منتقلی کے لیے ہے۔ آپ کے لیے ضروری ہے کہ اپنے اوورسیز ایمپلائر کے ساتھ کم از کم تین ماہ کام کا تجربہ رکھتے ہوں اور تازہ گریجوایشن کی ہو۔

## اس میں کتنا عرصہ لگے گا

یوکے میں کام شروع ہونے کی تاریخ سے تین ماہ قبل ویزا اپلائی کرسکتے ہیں۔ یہ تاریخ آپ کے سپانسرشپ سرٹیفکیٹ میں درج ہوتی ہے۔

یوکے کے باہر سے اپلائی کرنے پر اپنے ویزا کا فیصلہ 3 ہفتے میں مل جانا چاہیے۔

آپ پروسیسنگ ٹائم کے متعلق ہدایات چیک کرکے جان سکتے ہیں کہ اپنے ملک میں ویزا حاصل کرنے میں کتنا وقت لگے گا۔

## فیس

آپ کو جنرل ورک ویزا (Tier 2) کے لیے کتنی رقم ادا کرنا ہوگی؟ اِس کا انحصار ویزا کی قسم اور اِس بات پر ہے کہ آپ کہاں موجود ہیں۔

| آپ کس کے لیے اپلائی کررہے ہیں | فیس |
|---|---|
| خود | £482 |
| خود–ترکی یا مقدونیہ کے شہری کے طور پر | £427 |
| تمام زیرِ کفالت افراد | £482 فی فرد |

## طویل المدت سٹاف (تین سال تک)

| آپ کس کے لیے اپلائی کر رہے ہیں | اپلائی (یو کے سے باہر) | فیس |
|---|---|---|
| خود | £610 | £704 |
| خود–ترکی یا مقدونیہ کے شہری کے طور پر | £555 | £649 |
| تمام زیرِ کفالت افراد | £610 فی فرد | £704 فی فرد |

## طویل المدت سٹاف (تین سال سے زائد)

| آپ کس کے لیے اپلائی کر رہے ہیں | اپلائی (یو کے سے باہر) | فیس |
|---|---|---|
| خود | £1220 | £1408 |
| خود–ترکی یا مقدونیہ کے شہری کے طور پر | £1165 | £1353 |
| تمام زیرِ کفالت افراد | £1220 فی فرد | £1408 فی فرد |

## ہیلتھ کیئر سرچارج

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ ہیلتھ کیئر سرچارج بھی ادا کرنا ہو گا۔ چیک کریں کہ اپلائی کرنے سے پہلے ادائیگی کیسے کرنی ہے۔

## اگر آپ یو کے میں توسیع یا سوئچ کے لیے اپلائی کر رہے ہیں

آپ کو اپنی بائیو میٹرک معلومات لینے کے لیے (فنگر پرنٹس اور فوٹو) **£19.20** ادا کرنا ہوں گے۔

## اپنی درخواست کا فیصلہ جلد کروانے کے لیے

اگر آپ یوکے میں ویزے کی توسیع یا سوئچ کے لیے اپلائی کر رہے ہیں تو اضافی فیس ادا کر سکتے ہیں:

**£500** کام کے 5 دن میں فیصلہ لینے کی ترجیحی سروس کے لیے۔

**£800** کام کے 1 دن میں فیصلہ لینے کی اعلیٰ ترجیحی سروس کے لیے۔

## آپ کتنا عرصہ قیام کر سکتے ہیں

آپ Tier 2 (کمپنی کے اندر ٹرانسفر) ویزا پر اِس قسم کے ویزے کے لیے مقرر زیادہ سے زیادہ مدت یا سپانسرشپ سرٹیفکیٹ پر درج مدت (دونوں میں سے جو بھی کم ہو) کے لیے یوکے آ سکتے ہیں۔

Tier 2 (کمپنی کے اندر ٹرانسفر) ویزا کے لیے زیادہ سے زیادہ مدت یہ ہے:

- طویل المدت سٹاف (اگر آپ £120,000 سالانہ سے زیادہ کما رہے ہیں): 9 سال۔
- طویل المدت سٹاف (اگر آپ £120,000 سالانہ سے زیادہ کما رہے ہیں): 5 سال، 1 ماہ۔
- گریجوایٹ ٹرینی: 12 ماہ۔

آپ سپانسرشپ سرٹیفکیٹ پر درج تاریخ آغاز سے 14 دن پہلے تک اپنا قیام شروع کر سکتے ہیں۔

**مثال:** اگر آغاز کی تاریخ 15 جولائی ہے تو یکم جولائی کو قیام شروع کیا جا سکتا ہے۔

آپ اِس ویزے میں مزید توسیع اپلائی سکتے ہیں۔

## آپ کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیوں کے اہل ہیں:

- اپنے سپانسر کے لیے سپانسرشپ سرٹیفکیٹ میں بیان کردہ کام انجام دینا۔
- اُسی پیشے میں اور اُسی سطح کی دوسری ملازمت کرنا (ہفتے میں 20 گھنٹے تک)۔
- رضاکارانہ کام کرنا۔
- سٹڈی کرنا، بشرطیکہ یہ آپ کی سپانسرشدہ ملازمت میں دخل اندازی نہ کرے۔
- بیرون ملک سفر کرنا اور واپس یوکے آنا۔
- اپنے اہلِ خانہ کو بھی اپنے پاس لانا۔

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں نہیں کر سکتے:

- پبلک فنڈز حاصل کرنا۔
- ویزا ملنے سے پہلے کام شروع کر دینا۔

## اہلیت

آپ کو ضرورت ہے کہ:

- اپنی ملازمت کے لیے ایک کارآمد سپانسرشپ سرٹیفکیٹ ہو۔
- آپ کو اپنی ملازمت کے لیے موزوں تنخواہ ادا کی جا رہی ہو۔
- ذاتی بچت ہو تاکہ یوکے پہنچ کر اپنا خرچ اُٹھا سکیں۔
- ثابت کر سکیں کہ آپ سفر کر سکتے ہیں اور گزشتہ پانچ سال کے دوران آپ کے سفر کی تاریخ کیا ہے۔
- آپ کے ٹی بی ٹیسٹ کے نتائج، اگر آپ ایسے ملک میں جہاں ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔
- ثابت کرنے کے قابل ہوں کہ آپ نے اپنے ایمپلائر کے لیے یوکے سے باہر کام کیا ہے۔

## سپانسر شپ سرٹیفکیٹ

سپانسر شپ سرٹیفکیٹ میں آپ کو پیش کی گئی ملازمت کے متعلق معلومات اور آپ کی ذاتی معلومات ہوتی ہیں۔ یہ کاغذی دستاویز نہیں بلکہ الیکٹرانک ریکارڈ ہے۔ آپ کا سپانسر ایک سپانسر شپ ریفرنس نمبر دے گا تاکہ آپ اُسے درخواست میں درج کر سکیں۔

آپ اپنا سپانسر شپ ریفرنس نمبر صرف ایک بار استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ حاصل ہونے کے تین ماہ بعد استعمال کرنا ہو گا۔

## موزوں تنخواہ

آپ کی تنخواہ ویزے کی قسم کے لیے کم از کم سالانہ یا پیش کی گئی ملازمت کی مناسبت سے ہونی چاہیے (دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہو)۔

کم از کم تنخواہ یہ ہے:

- طویل المدت سٹاف کے لیے £41,500۔
- گریجوایٹ ٹرینی کے لیے £23,00

اُن صورتوں کے متعلق راہنماہدایات چیک کریں جب آپ کو کم ادائیگی کی جا سکتی ہے، مثلاً اگر:

- آپ Tier 2 (کمپنی کے اندر ٹرانسفر) ویزے کی توسیع کروا رہے ہیں۔
- آپ یو کے میں ایک سال سے کم عرصے سے کام کر رہے ہیں۔
- آپ کو گھنٹوں کے حساب سے تنخواہ دی جاتی ہے۔
- آپ مخصوص تعداد میں گھنٹوں تک کام کرتے ہیں۔

- آپ نے میڈیکل ریڈیو گرافر، نرس، پیرا میڈک یا کچھ مضامین کے سیکنڈری سکول ٹیچر کے طور پر کام کرنا ہو۔
- آپ نے پری رجسٹریشن نرس یا دایا کے طور پر کام کرنا ہو۔

## ذاتی بچت

اپلائی کرنے سے پہلے 90 دن تک آپ کے بینک اکاؤنٹ میں £945 ہونے لازمی ہیں۔ اِس سے ثابت ہو گا کہ آپ اپنا خرچ اُٹھا سکتے ہیں۔

اگر آپ کو مکمل طور پر سپانسر (A rated) کیا گیا ہے تو یہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ سپانسر کرنے والا آپ کو ضرورت پڑنے پر ماہانہ خرچ کے لیے کم از کم £945 دے سکتا ہے۔ سپانسر کو سپانسر شپ سرٹیفکیٹ پر اِس بات کی توثیق کرنا ہو گی۔

## ضروری دستاویزات

اپلائی کرتے وقت آپ کو مندرجہ ذیل دستاویز فراہم کرنا ہوں گے:

- سپانسر شپ سرٹیفکیٹ کا ریفرنس نمبر۔
- بینک یا بلڈنگ سوسائٹی کی سٹیٹمنٹ یا لیٹر جو ثابت کرے کہ آپ کے پاس خاطر خواہ ذاتی بچت موجود ہے (بشر طیکہ سپانسر شپ سرٹیفکیٹ سے یہ نہ ثابت ہو کہ سپانسر آپ کی کفالت کرے گا)۔
- کارآمد پاسپورٹ یا سفری دستاویز جو ثابت کرے کہ آپ سفر کر سکتے ہیں - آپ کے پاسپورٹ میں ایک صفحہ خالی ہونا چاہیے جس پر ویزا لگایا جا سکے۔
- وہ پاسپورٹ یا سفر دستاویزات جن کی میعاد ختم ہو چکی ہے (اگر اپنی ٹریول ہسٹری دکھانا چاہتے ہوں)۔
- آپ کے ٹی بی ٹیسٹ کے نتائج، اگر آپ ایسے ملک میں جہاں ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔

راہنما ہدایات پڑھ کر معلوم کریں کہ آپ کونسے دستاویزات مہیا کر سکتے ہیں۔

آپ کو اپنے حالات کے مطابق اضافی دستاویزات مہیا کرنے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔

- آپ کو ایسے دستاویزات کا تصدیق شدہ ترجمہ بھی مہیا کرنا ہو گا جو انگلش یا ویلش میں نہیں ہیں۔

## اِس بات کا ثبوت کہ آپ نے یو کے سے باہر اپنے ایمپلائر کے لیے کام کیا ہے

اپلائی کرنے کے بعد آپ سے ثبوت مہیا کرنے کا کہا جاتا ہے کہ آپ نے یو کے سے باہر اپنے ایمپلائر کے لیے مخصوص مدت تک کام کیا ہے۔

یہ مدت آپ کے اپلائی کیے ہوئے ویزے کے حساب سے ہو گی:

- £73,900 سالانہ کمانے والا طویل المدت سٹاف – 12 ماہ۔
- £73,900 سالانہ سے زیادہ کمانے والا طویل المدت سٹاف – کوئی کم از کم مدت نہیں۔
- گریجوایٹ ٹرینی – 3 ماہ۔

اگر آپ سے کہا جائے تو ثبوت دینا پڑے گا کہ اس مدت میں ایمپلائر نے آپ کو معاوضہ ادا کیا ہے۔ آپ یہ چیزیں مہیا کر سکتے ہیں:

- تنخواہ کی پرنٹڈ سلپس۔
- آن لائن پے سلپس جن کے ساتھ ایک سپانسر کی جانب سے ایک لیٹر منسلک ہو اور اُس پر ایک سینئر سٹاف ممبر کے دستخط ہوں۔
- بینک یا بلڈنگ سوسائٹی کی سٹیٹمنٹس۔
- ایک بلڈنگ سوسائٹی پاس بُک۔

## اپلائی کرنا

آپ کو چاہیے کہ اپلائی کرنے سے پہلے راہنما ہدایات اچھی طرح پڑھ لیں۔

## یو کے سے باہر اپلائی کرنا

آپ کو Tier 2 (کمپنی کے اندر ٹرانسفر) ویزا کے لیے آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔

آپ کو اپنی درخواست کے سلسلے میں ویزا اپلی کیشن سنٹر (بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ حاصل کرنے کے لیے) پر فنگر پرنٹس اور تصویر دینا ہوں گے۔

آپ کو اپنا بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ یو کے پہنچنے کی متوقع تاریخ سے پہلے 10 دن میں لینا ہو گا۔

آپ کو ویزا اور دیگر سروسز زیادہ تیزی سے مل سکتی ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس ملک میں ہیں۔ اپنے ویزا اپلی کیشن سنٹر سے چیک کریں۔

## ویزے میں توسیع کروانا

آپ یو کے میں اپنے قیام کی توسیع اپلائی کر سکتے ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کے پاس کس قسم کا Tier 2 (کمپنی کے اندر ٹرانسفر) ویزا ہے۔

### اہلیت

آپ کے پاس مندرجہ ذیل Tier 2 (کمپنی کے اندر ٹرانسفر) ویزوں میں سے ایک ہونا چاہیے:

- طویل المدت سٹاف۔
- گریجوایٹ ٹرینی۔

آپ کو چاہیے کہ اپنے موجودہ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اپلائی کر دیں۔

### آپ کو یہ بھی چاہیے کہ:

- اپنے سابق ویزا پر بھی یہی یا ایسی ہی ملازمت حاصل کر چکے ہوں۔
- آپ اب بھی اُسی ایمپلائر کے لیے کام کر رہے ہوں جس نے آپ کو سپانسر شپ سرٹیفکیٹ دیا تھا۔
- آپ ابھی تک ایک 'موزوں تنخواہ' کما رہے ہوں–اگر اِس بارے میں کچھ شکوک ہیں تو راہنما ہدایات پڑھیں۔
- پہلے سے یو کے میں ہوں۔

اگر موجودہ ویزے پر زیرِ کفالت افراد بھی ہیں تو اپنی درخواست میں اُنھیں بھی توسیع کی درخواست میں شامل کریں، بشمول بچوں کے جن کی عمر آپ کے قیام کے دوران 18 سال ہو گئی ہے۔

## آپ کتنے عرصے تک قیام کرسکتے ہیں

قیام کی مدت کا انحصار اِس بات پر ہو گا کہ آپ کے پاس کس قسم کا Tier 2 (کمپنی کے اندر ٹرانسفر) ویزا ہے۔

## طویل المدت سٹاف

مندرجہ میں سے مختصر ترین مدت کے لیے آپ کے قیام کو توسیع دی جاسکتی ہے:

- آپ کے سپانسر شپ سرٹیفکیٹ پر درج مدت +14 دن۔
- کیٹگری کی گنجائش کے مطابق اپنا قیام زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لیے درکار وقت۔
- 5 سال (اگر آپ سالانہ 120000£ سے زیادہ کماتے ہیں تو 9 سال)۔

## گریجوایٹ ٹرینی

اگر آپ کا اصل ویزا 12 ماہ سے کم مدت کا تھا تو اپنے قیام میں توسیع کر سکتے ہیں۔ آپ کے ویزے میں صرف 12 ماہ تک کی ہی توسیع ہو سکتی ہے۔

## فیس

اپنی ویزے کی قسم کے لیے فیس چیک کریں۔

## ویزے میں توسیع کیسے کروانی ہے

اپلائی کرنے سے پہلے Tier 2 ویزا کے متعلق راہنما معلومات پڑھیں۔

فرد واحد یا فیملی گروپ کے طور پر آن لائن اپلائی کریں۔ انتخاب کریں کہ آپ کس قسم کا ویزا اپلائی کرنا چاہتے ہیں۔

## بائیو میٹرک معلومات اور ضروری دستاویزات مہیا کرنا

اپلائی کرنے پر آپ سے کہا جائے گا کہ یو کے ویزا اینڈ سٹیزن شپ اپلی کیشن سروسز (UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تا کہ بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

آپ کو دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ آپ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کرواسکتے ہیں۔

آپ کو چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یوکے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو آپ کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## اس میں کتنا عرصہ لگتا ہے

- اگر آپ سٹینڈرڈ سروس استعمال کریں تو درخواست دینے کی تاریخ کے بعد 8 ہفتے کے اندر اندر فیصلہ ہو جاتا ہے۔
- اگر آپ ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 5 دن میں۔
- اگر آپ خصوصی ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 1 دن میں۔

اگر آپ کی درخواست پیچیدہ ہے اور زیادہ وقت لگے گا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا، مثلاً

- آپ کے فراہم کردہ دستاویزی ثبوتوں کی تصدیق کروانے کی ضرورت ہے۔
- آپ کو انٹرویو میں آنے کی ضرورت ہے۔
- آپ کسی جرم کا ارتکاب کر چکے ہیں۔

جب آپ اپلائی کر دیں تو فیصلہ ہو جانے تک یوکے میں ہی رہ سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ نے گزشتہ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اپلائی کیا ہو۔

## اِس ویزے پر سوئچ کرنا

آپ Representative of an Overseas Business ویزا سے طویل المدت Tier 2 (کمپنی کے اندر ٹرانسفر) ویزا پر تبدیلی (سوئچ) اپلائی کر سکتے ہیں۔

آپ گریجوایٹ Tier 2 (کمپنی کے اندر ٹرانسفر) ویزا پر سوئچ نہیں کر سکتے۔

آپ کو اپنے موجودہ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اپلائی کرنا ہو گا۔

## اہلیت

آپ کے لیے ضروری ہے کہ:

- آپ پہلے سے یوکے میں ہوں۔
- آپ کے پاس Representative of an Overseas Business ویزا ہو۔
- آپ اب بھی اُسی ایمپلائر کے لیے کام کر رہے ہوں جس کا نام پچھلی درخواست میں درج کیا تھا۔

## آپ کتنا عرصہ قیام کر سکتے ہیں

مندرجہ میں سے مختصر ترین مدت کے لیے آپ کے قیام کو توسیع دی جا سکتی ہے:

- آپ کے سپانسر شپ سرٹیفکیٹ پر درج مدت +14 دن۔
- کیٹگری کی گنجائش کے مطابق اپنا قیام زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لیے درکار وقت۔
- 5 سال (اگر آپ سالانہ 120000£ سے زیادہ کماتے ہیں تو 9 سال)۔

## فیس

اپنی ویزے کی قسم کے لیے فیس چیک کریں۔

## اپنا ویزا کیسے "سوئچ" کرنا ہے

اپلائی کرنے سے پہلے Tier 2 راہنما ہدایات پڑھ لیں۔
فرد واحد یا فیملی گروپ کے طور پر آن لائن اپلائی کریں۔

اپنی بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) اور دستاویزات مہیا کریں۔

اپلائی کرنے پر آپ سے کہا جائے گا کہ یوکے ویزا اینڈ سٹیزن شپ اپلی کیشن سروسز (UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تا کہ بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

آپ کو دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ آپ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کروا سکتے ہیں۔

آپ کو چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یوکے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو آپ کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## اس میں کتنا عرصہ لگتا ہے

- اگر آپ سٹینڈرڈ سروس استعمال کریں تو درخواست دینے کی تاریخ کے بعد 8 ہفتے کے اندر اندر فیصلہ ہو جاتا ہے۔
- اگر آپ ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 5 دن میں۔
- اگر آپ خصوصی ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 1 دن میں۔

اگر آپ کی درخواست پیچیدہ ہے اور زیادہ وقت لگے گا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا، مثلاً

- آپ کے فراہم کردہ دستاویزی ثبوتوں کی تصدیق کروانے کی ضرورت ہے۔
- آپ کو انٹرویو میں آنے کی ضرورت ہے۔
- آپ کسی جرم کا ارتکاب کر چکے ہیں۔

جب آپ اپلائی کر دیں تو فیصلہ ہو جانے تک یوکے میں ہی رہ سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ نے گزشتہ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اپلائی کیا ہو۔

## خاندان کے افراد

آپ کے خاندان کے افراد (زیرِ کفالت) اِس ویزے پر آپ کے ساتھ ہی یوکے آ سکتے ہیں۔ خاندان کے افراد اگر یورپین اکنامک ایریا (EEA) یا سوئٹزرلینڈ سے نہیں ہیں تو اُنھیں ویزا لینا ہو گا۔

زیرِ کفالت میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی شامل ہے:

- آپ کا شوہر، بیوی یا پارٹنر۔
- آپ کا 18 سال سے کم عمر کا بچہ۔

اپلائی کرنے سے پہلے زیر کفالت کی درخواستوں کے متعلق راہنماہدایات پڑھ لیں۔

## ذاتی بچت

آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ آپ کے زیر کفالت افراد کا یوکے میں رہنے کے دوران خرچ اٹھایا جا سکتا ہے۔

ہر زیرِ کفالت فرد کے لیے 630£ دستیاب ہوں، خواہ وہ آپ کے ساتھ اپلائی کر رہے ہیں یا علیحدہ۔ اِس کے علاوہ اپنا خرچ اُٹھانے کے لیے

آپ کے پاس 945£ ہونے لازمی ہیں۔

آپ کو ثبوت دینا ہو گا کہ آپ کے پاس رقم موجود ہے، اور یہ اپلائی کرنے سے پہلے 90 دن تک آپ یا زیر کفالت فرد کے بینک اکاؤنٹ میں ہو۔

**مثال:** اگر آپ اپنے پارٹنر اور ایک بچے کو ساتھ یوکے لا رہے ہیں تو آپ کے پاس 2,205£ ہونے چاہئیں (945£ اپنے اور 630£ پارٹنر اور 630£ بچے کے لیے)۔

آپ کو اپنی بچتوں کا ثبوت دینے کی ضرورت نہیں، اگر آپ کے پاس:

- ایک پوری طرح منظور شدہ (A rated) سپانسر ہے۔
- سپانسرشپ سرٹیفکیٹ موجود ہے جس میں کہا گیا ہے کہ آپ کا سپانسر آپ کے زیر کفالت افراد کو ماہانہ اخراجات پورے کرنے کے لیے کم از کم 630£ دے گا (اگر ضرورت پڑی)۔

## فیس

اپنی ویزے کی قسم کے لیے فیس چیک کریں۔

## یوکے سے باہر اپلائی کرنے والے زیر کفالت افراد

- آپ کے اہل خانہ کو آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔
- آپ کو کسی ویزا اپلی کیشن سنٹر پر اپنی فنگر پرنٹس اور تصویر دینا ہوں گی (تا کہ بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ حاصل کر سکیں۔)
- وہ اپنا بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ یوکے پہنچنے کی متوقع تاریخ سے پہلے 30 دن میں لے سکتے ہیں۔
- اپنے ویزا اور دیگر سروسز زیادہ تیزی سے مل سکتی ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس ملک میں ہیں۔ اپنے ویزا اپلی کیشن سنٹر سے چیک کریں۔

## یوکے میں خود اپلائی کرنے والے زیر کفالت افراد

آپ کے زیرِ کفالت افراد اگر پہلے سے یوکے میں ہیں تو اپنے ویزے میں توسیع یا سوئچ کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔

آپ کے اہل خانہ آن لائن اپلائی کر سکتے ہیں اگر وہ:

- آپ کے پارٹنر ہیں۔
- آپ کی اولاد ہیں۔

آپ کے زیر کفالت افراد کے لیے بہترین بات یہی ہے کہ آپ کے ساتھ ہی اپلائی کریں، لیکن وہ بعد میں بھی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے اہلِ خانہ کے پاس وزیٹر ویزا ہے تو وہ یوکے میں آپ کے زیر کفالت افراد کے طور پر اپلائی نہیں کر سکتے۔

## بائیو میٹرک معلومات اور ضروری دستاویزات مہیا کرنا

اپلائی کرنے پر اُن سے کہا جائے گا کہ یوکے ویزا اینڈ سٹیزن شپ اپیلی کیشن سروسز (UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تا کہ بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

اُنھیں دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ وہ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کروا سکتے ہیں۔

اُنھیں چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یوکے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو اُن کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## یوکے میں قیام کے دوران پیدا ہونے والے بچے

- اگر یوکے میں قیام کے دوران آپ کے بچے پیدا ہو جائیں تو آپ اُن کے قیام کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ بچے کو ساتھ لے کر یوکے سے باہر اور واپسی کا سفر کرنا چاہتے ہیں تو ایسا کرنا لازمی ہو گا۔
- اپلائی کرتے وقت آپ کو ایک مکمل یوکے پیدائشی سرٹیفکیٹ دینا ہو گا جس میں بچے کے دونوں والدین کے نام درج ہوں۔

آپ آن لائن اپلائی کر سکتے ہیں–زیر کفالت بچے کی درخواست۔

آپ بذریعہ ڈاک اپلائی کر سکتے ہیں–فارم ڈاؤن لوڈ کریں (ایڈریس فارم پر دیا گیا ہے)۔

## سپورٹس پرسن ویزا(Tier 2)

اگر نیچے دی گئی تمام شرائط لاگو ہوتی ہوں تو آپ Tier 2(سپورٹس پرسن) ویزا اپلائی کر سکتے ہیں:

- آپ ایک ممتاز سپورٹس پرسن یا کوالیفائیڈ کوچ ہیں جسے سپورٹس کی گورننگ باڈی نے بین الاقوامی سطح پر آپ کے شعبے میں اعلیٰ ترین درجے کا قرار دیا ہو۔
- آپ کی سپورٹس گورننگ باڈی درخواست کی تائید کرے۔
- آپ کی ملازمت یوکے میں اعلیٰ ترین سطح پر آپ کی سپورٹ کو ترقی دے گی۔
- آپ یورپیئن اکنامک ایریا(EEA)اور سوئٹزرلینڈ سے تعلق نہیں رکھتے۔
- آپ اہلیت کے تقاضے پورے کرتے ہیں۔

## سپانسر حاصل کرنا

آپ کا سپانسر درخواست کی تائید کرنے والی گورننگ باڈی ہے۔ وہ ایک سپانسر شپ سرٹیفکیٹ دے کر آپ کو سپانسر کیے جانے کا ثبوت دیں گے۔

## اس میں کتنا عرصہ لگے گا

یوکے میں کام شروع ہونے کی تاریخ سے 3 ماہ قبل ویزا اپلائی کر سکتے ہیں۔ یہ تاریخ آپ کے سپانسر شپ سرٹیفکیٹ میں درج ہوتی ہے۔

یوکے کے باہر سے اپلائی کرنے پر اپنے ویزا کا فیصلہ 3 ہفتے میں مل جانا چاہیے۔

آپ پروسیسنگ ٹائم کے متعلق ہدایات چیک کر کے جان سکتے ہیں کہ اپنے ملک میں ویزا حاصل کرنے میں کتنا وقت لگے گا۔

## فیس

آپ کو Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا کے لیے کتنی رقم ادا کرنا ہو گی؟ اِس کا انحصار ویزا کی قسم اور اِس بات پر ہے کہ آپ کہاں موجود ہیں۔

| آپ کس کے لیے اپلائی کر رہے ہیں | اپلائی (یو کے سے باہر) | توسیع یا سوئچ (یو کے میں) |
|---|---|---|
| خود | £610 | £704 |
| خود–ترکی یا مقدونیہ کے شہری کے طور پر | £555 | £649 |
| تمام زیرِ کفالت افراد | £610 فی فرد | £704 فی فرد |

## ہیلتھ کیئر سرچارج

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ ہیلتھ کیئر سرچارج بھی ادا کرنا ہو گا۔ چیک کریں کہ اپلائی کرنے سے پہلے ادائیگی کیسے کرنی ہے۔

### اگر آپ یو کے میں توسیع یا سوئچ کے لیے اپلائی کر رہے ہیں:

آپ کو اپنی بائیومیٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور فوٹو) کے لیے **£19.20** ادا کرنا ہوں گے۔

## جلد فیصلہ لینے کے لیے

اگر آپ یو کے میں توسیع یا سوئچ کے لیے اپلائی کر رہے ہیں تو اضافی فیس ادا کر سکتے ہیں:

**£500** کام کے 5 دن میں فیصلہ لینے کی ترجیحی سروس کے لیے۔

**£800** کام کے 1 دن میں فیصلہ لینے کی اعلیٰ ترجیحی سروس کے لیے۔

## آپ کتنے عرصے تک قیام کر سکتے ہیں

آپ Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا پر 3 سال تک قیام کے لیے یو کے آ سکتے ہیں۔

آپ مزید 3 سال کے لیے اِس ویزے میں توسیع کی درخواست دے سکتے اور زیادہ سے زیادہ 6 سال قیام کر سکتے ہیں۔

## آپ کیا کرسکتے ہیں اور کیا نہیں

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیوں کے اہل ہیں:

- اپنے سپانسر کے لیے سپانسرشپ سرٹیفکیٹ میں بیان کردہ کام انجام دینا۔
- مخصوص حالات میں دوسری ملازمت کرنا۔
- یوکے میں اپنی قومی ٹیم کے لیے کھیلنا۔
- سپورٹس براڈکاسٹر کے طور پر کام کرنا۔
- رضاکارانہ کام کرنا۔
- سٹڈی کرنا، بشرطیکہ یہ آپ کی سپانسرشدہ ملازمت میں دخل اندازی نہ کرے۔
- بیرون ملک سفر کرنا اور واپس یوکے آنا۔
- اپنے اہلِ خانہ کو بھی اپنے پاس لانا۔

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں نہیں کرسکتے:

- پبلک فنڈز حاصل کرنا۔
- کاروبار شروع کرنا یا چلانا۔
- اپنے سپانسر کے لیے کام شروع کرنے سے قبل دوسری ملازمت کے لیے درخواست دینا۔

## اہلیت

آپ کو ضرورت ہے کہ:

- اپنی ملازمت کے لیے ایک کارآمد سپانسرشپ سرٹیفکیٹ ہو۔
- ثابت کریں کہ آپ کو اپنی ملازمت کے لیے موزوں تنخواہ ادا کی جارہی ہے۔
- انگلش زبان سے واقفیت ثابت کریں۔
- ذاتی بچت ہو تاکہ یوکے پہنچ کر اپنا خرچ اُٹھا سکیں۔
- ثابت کرسکیں کہ آپ سفر کرسکتے ہیں اور گزشتہ 5 سال کے دوران آپ کے سفر کی تاریخ کیا ہے۔
- آپ کے ٹی بی ٹیسٹ کے نتائج، اگر آپ ایسے ملک میں جہاں ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔
- اگر آپ ایک Tier 4 ویزا سے سوئچ کررہے ہیں تو اِس کے اہل ہوں۔

## سپانسر شپ سرٹیفکیٹ

سپانسر شپ سرٹیفکیٹ میں آپ کو پیش کی گئی ملازمت کے متعلق معلومات اور آپ کی ذاتی معلومات ہوتی ہیں۔ یہ کاغذی دستاویز نہیں بلکہ الیکٹرانک ریکارڈ ہے۔ آپ کا سپانسر ایک سپانسر شپ ریفرنس نمبر دے گا تا کہ آپ اُسے درخواست میں درج کر سکیں۔

آپ اپنا سپانسر شپ ریفرنس نمبر صرف ایک بار استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ حاصل ہونے کے تین ماہ بعد استعمال کرنا ہو گا۔

## ذاتی بچت

اپلائی کرنے سے پہلے 90 دن تک آپ کے بینک اکاؤنٹ میں **£945** ہونے لازمی ہیں۔

آپ کو اِس رقم کی ضرورت مندرجہ ذیل میں سے ایک کے لیے ہو گی:

- اگر آپ کو مکمل طور پر سپانسر (A rated) کیا گیا ہے تو یہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ سپانسر کرنے والا آپ کو ضرورت پڑنے پر ماہانہ خرچ کے لیے کم از کم £945 دے سکتا ہے۔ (آپ کے سپانسر کو سپانسر شپ سرٹیفکیٹ پر اِس بات کی توثیق کرنا ہو گی۔)
- Tier 2 ویزا اور آپ یو کے کے اندر سے اپلائی کر رہے ہوں۔

## انگلش سے واقفیت

آپ کو اپلائی کرتے وقت انگلش زبان سے واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

آپ دو طریقوں سے انگلش سے واقفیت ثابت کر سکتے ہیں:

- بولنے اور سننے میں کم از کم CEFR لیول A1 کے ساتھ منظور شدہ انگلش لینگویج ٹیسٹ پاس کر کے۔
- تعلیمی اہلیت رکھتے ہوں جو انگلش میں پڑھی ہو اور UK NARIC اِسے یو کے کی بیچلر ڈگری، ماسٹر ڈگری یا پی ایچ ڈی کے مساوی تسلیم کرتا ہو۔

ہو سکتا ہے کہ آپ دیگر طریقوں سے انگلش زبان سے واقفیت کے تقاضے کو پورا کرنے کا قابل ہوں۔ مفصل معلومات کے لیے راہنما ہدایات چیک کریں۔

## مستثنٰی صورتیں

اگر آپ نے مندرجہ ذیل ممالک میں یو کے کی ڈگری کے مساوی اہلیت مکمل کی ہے تو انگلش سے اپنی واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت نہیں:

- اینٹیگوا اور بربوڈا
- آسٹریلیا
- باہاماز
- بارباڈوس
- بیلیزے(Belize)
- کینیڈا
- ڈومینیکا
- گریناڈا(غرناطہ)
- گیانا
- جمیکا
- نیوزی لینڈ
- سینٹ کِٹس اینڈ نیوِس
- سینٹ لُوسیا
- سینٹ ونسنٹ اور گریناڈینز
- ٹرینی ڈیڈ اور ٹوبیگو
- یو ایس اے

کچھ دیگر حالات میں بھی آپ کو انگلش سے اپنی واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت نہیں–ویزا کے لیے راہنما ہدایات چیک کریں۔

## ضروری دستاویزات

اپلائی کرتے وقت آپ کو مندرجہ ذیل دستاویز فراہم کرنا ہوں گے:

- سپانسر شپ سرٹیفکیٹ کا ریفرنس نمبر۔
- انگلش سے واقفیت کا ثبوت۔

- بینک یا بلڈنگ سوسائٹی کی سٹیٹمنٹ یا لیٹر جو ثابت کرے کہ آپ کے پاس خاطر خواہ ذاتی بچت موجود ہے۔
- کارآمد پاسپورٹ یا سفری دستاویز جو ثابت کرے کہ آپ سفر کرسکتے ہیں- آپ کے پاسپورٹ میں ایک صفحہ خالی ہونا چاہیے جس پر ویزا لگایا جاسکے۔
- وہ پاسپورٹ یا سفر دستاویزات جن کی میعاد ختم ہو چکی ہے (اگر اپنی ٹریول ہسٹری دکھانا چاہتے ہوں)۔
- آپ کے ٹی بی ٹیسٹ کے نتائج، اگر آپ ایسے ملک میں جہاں ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔
- اپنی سپورٹس گورننگ باڈی کی جانب سے تائید نامہ، اگر آپ ایک سپورٹس پرسن یا کوچ کے طور پر اپلائی کررہے ہیں۔

راہنماہدایات پڑھ کر معلوم کریں کہ آپ کونسے دستاویزات مہیا کرسکتے ہیں۔

- اگر آپ کے دستاویزات انگلش یا ویلش میں نہیں ہیں تو اُن کا تصدیق شدہ ترجمہ بھی مہیا کرنا ہو گا۔

آپ کو اپنے حالات کے مطابق اضافی دستاویزات مہیا کرنے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔

## اپلائی کرنا

اپلائی کرنے سے پہلے Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا کی راہنماہدایات پڑھ لیں۔

## یوکے کے باہر سے اپلائی کرنا

- آپ کو Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔
- آپ کو کسی ویزا اپیلی کیشن سنٹر پر اپنی فنگر پرنٹس اور تصویر دینا ہوں گی (تاکہ بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ حاصل کرسکیں۔)
- آپ کو اپنا بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ یوکے پہنچنے کی متوقع تاریخ سے 10 دن پہلے وصول کرنا ہو گا (خواہ آپ اصل میں کسی بعد کی تاریخ پر بھی پہنچیں)۔

اپنے ویزا اور دیگر سروسز زیادہ تیزی سے مل سکتی ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس ملک میں ہیں۔ اپنے ویزا اپیلی کیشن سنٹر سے چیک کریں۔

## یوکے میں اپلائی کرنا

چیک کریں کہ کیا آپ یوکے کے اندر سے اپلائی کرسکتے ہیں:

- اپنے پہلے والے Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا کی توسیع۔
- کسی اور ویزا سے سوئچ کرنا۔

## اپنے ویزا کی توسیع کروانا

آپ یو کے میں آپ کو Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا کے تحت اپنے قیام میں توسیع کی درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر موجودہ ویزے پر زیر کفالت افراد بھی ہیں تو اپنی درخواست میں اُنھیں بھی شامل کریں، بشمول بچوں کے جن کی عمر آپ کے قیام کے دوران 18 سال ہو گئی ہے۔ اُنھیں ایک علیحدہ درخواست بھی دینا ہو گی۔

آپ کو چاہیے کہ کارآمد ویزا کی میعاد پوری ہونے سے پہلے ہی توسیع اپلائی کر دیں۔

## اہلیت

آپ کے پاس اپنی سپورٹس گورننگ باڈی کی جانب سے تجدید شدہ تائید نامہ اور ایک نیا سپانسرشپ سرٹیفکیٹ ریفرنس نمبر ہونا چاہیے۔

## آپ کب تک قیام کر سکتے ہیں

آپ Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا میں مزید 3 سال اور 14 دن تک کی توسیع اپلائی سکتے ہیں۔

اِس کے لیے لازمی ہے کہ آپ یو کے چھوڑ کر جائیں۔ تبھی آپ یہ ویزا مندرجہ ذیل صورتوں میں اپلائی کر سکتے ہیں:

- 12 ماہ گزر گئے ہوں اور آپ کا سابق سپانسرشپ سرٹیفکیٹ تین ماہ سے کم مدت کے لیے دیا گیا ہو۔
- آپ ثابت کر سکتے ہیں کہ آپ کی کل سالانہ تنخواہ 159,600£ یا زائد ہو گی۔

## فیس

اپنے ویزے کی قسم کے لیے فیس چیک کریں۔

## اپنے ویزے میں توسیع کیسے کروانی ہے

اپلائی کرنے سے پہلے Tier 2 ویزا کی راہنماہدایات اچھی طرح پڑھ لیں۔

آپ کو فرد یا فیملی گروپ کے طور پر آن لائن اپلائی کرنا ہوگا۔

اپنی بائیومیٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) اور دستاویزات مہیا کریں۔

اپلائی کرنے پر آپ سے کہا جائے گا کہ یوکے ویزا اینڈ سٹیزن شپ اپلی کیشن سروسز (UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تاکہ بائیومیٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

آپ کو دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ آپ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کرواسکتے ہیں۔

آپ کو چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یوکے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو آپ کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## اس میں کتنا عرصہ لگتا ہے

- اگر آپ سٹینڈرڈ سروس استعمال کریں تو درخواست دینے کی تاریخ کے بعد 8 ہفتے کے اندر اندر فیصلہ ہو جاتا ہے۔
- اگر آپ ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 5 دن میں۔
- اگر آپ خصوصی ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 1 دن میں۔

اگر آپ کی درخواست پیچیدہ ہے اور زیادہ وقت لگے گا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا، مثلاً

- آپ کے فراہم کردہ دستاویزی ثبوتوں کی تصدیق کروانے کی ضرورت ہے۔
- آپ کو انٹرویو میں آنے کی ضرورت ہے۔
- آپ کسی جرم کا ارتکاب کر چکے ہیں۔

جب آپ اپلائی کر دیں تو فیصلہ ہو جانے تک یوکے میں ہی رہ سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ نے گزشتہ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اپلائی کیا ہو۔

## اِس ویزے پر سوئچ کرنا

آپ کسی اور ویزے سے Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا پر تبدیلی (سوئچ) کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔

آپ کو موجودہ ویزے کی مدت پوری ہونے سے قبل اپلائی کرنا ہو گا۔

## اہلیت

آپ کو Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا کی اہلیت کے تقاضے پورے کرنا ہوں گے اور مندرجہ ذیل ویزوں یا سکیموں میں سے کسی کے تحت پہلے سے یوکے میں ہونا چاہیے۔

- Tier 1 ویزا۔
- Tier 2 (جنرل) ویزا۔
- Tier 2 (مذہبی منسٹر) ویزا۔
- Tier 2 (کمپنی کے اندر ہی ٹرانسفر) ویزا، بمطابق امیگریشن قواعد مورخہ 6 اپریل 2010ء، اور آپ سپانسر تبدیل کرنے کے لیے اپلائی کر رہے ہوں۔
- Tier 4 ویزا–اگر آپ ایک تعلیمی قابلیت رکھتے ہیں یا پی ایچ ڈی کے کم از کم 12 ماہ مکمل کیے ہیں۔
- Tier 5 ویزا–(عارضی ورکر- تخلیقی اور سپورٹنگ)، ایک پروفیشنل فٹ بالر کے طور پر ملازمت کے لیے۔
- سٹارٹ اَپ ویزا۔
- انوویٹر (Innovator) ویزا۔

آپ Tier 2 (جنرل) ویزا پر سوئچ کر سکتے ہیں، اگر آپ:

- Tier 4 ویزا کے ساتھ کسی کے زیرِ کفالت پارٹنر ہیں۔
- کسی اوورسیز کاروبار کے نمائندے ہیں۔

اگر آپ اِن میں سے کسی کیٹگری میں نہیں آتے تو یوکے سے باہر جا کر اور بیرون ملک سے Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا کی درخواست دینا ہو گی۔

## Tier 4 ویزا کے لیے اہلیت

مندرجہ ذیل اہلیتوں میں سے ایک حاصل کرنے کے لیے ایک لائسنس یافتہ Tier 4 سپانسر نے آپ کو سپانسر کیا ہو:

- یو کے بیچلرز ڈگری
- یو کے ماسٹرز ڈگری
- تعلیم میں پوسٹ گریجوایٹ سرٹیفکیٹ
- تعلیم کا پروفیشنل گریجوایٹ ڈپلوما

## PhD سٹوڈنٹس

آپ نے یو کے میں اپنے حالیہ ترین قیام کے دوران کم از کم 12 ماہ کی سٹڈی مکمل کی ہوئی ہو۔ یہ لائسنس یافتہ Tier 4 سپانسر یا کسی اور ویزے کے ذریعے ہو سکتا ہے جو سٹڈی کی اجازت دیتا ہو۔

## آپ کتنے عرصے تک قیام کر سکتے ہیں

آپ اپنے Tier 2 (سپورٹس پرسن) ویزا میں مزید 3 سال اور 14 دن تک کی توسیع اپلائی سکتے ہیں۔

اِس کے لیے لازمی ہے کہ آپ یو کے چھوڑ کر جائیں۔ تبھی آپ یہ ویزا مندرجہ ذیل صورتوں میں اپلائی کر سکتے ہیں:

- 12 ماہ گزر گئے ہوں اور آپ کا سابق سپانسر شپ سرٹیفکیٹ تین ماہ سے کم مدت کے لیے دیا گیا ہو۔
- آپ ثابت کر سکتے ہیں کہ آپ کی کل سالانہ تنخواہ 159,600£ یا زائد ہو گی۔

## فیس

اپنے ویزے کی قسم کے مطابق فیس چیک کریں۔

## اپناویزاکیسے سوئچ کرناہے

اپلائی کرنے سے پہلے راہنماہدیات برائےTier 2 پڑھیں۔

آپ کو ایک فرد یا فیملی گروپ کے طور پر آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔

## بائیو میٹرک معلومات اور ضروری دستاویزات مہیا کرنا

اپلائی کرنے پر آپ سے کہا جائے گا کہ یوکے ویزا اینڈ سٹیزن شپ اپلی کیشن سروسز(UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تا کہ بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

آپ کو دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ آپ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔
- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کرواسکتے ہیں۔

آپ کو چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یوکے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو آپ کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## اس میں کتنا عرصہ لگتاہے

- اگر آپ سٹینڈرڈ سروس استعمال کریں تو درخواست دینے کی تاریخ کے بعد 8 ہفتے کے اندر اندر فیصلہ ہو جاتا ہے۔
- اگر آپ ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 5 دن میں۔
- اگر آپ خصوصی ترجیحی سروس استعمال کریں تو UKVCAS اپائنٹمنٹ کے بعد کام کے 1 دن میں۔

اگر آپ کی درخواست پیچیدہ ہے اور زیادہ وقت لگے گا تو آپ سے رابطہ کیا جائے گا، مثلاً

- آپ کے فراہم کردہ دستاویزی ثبوتوں کی تصدیق کروانے کی ضرورت ہے۔
- آپ کو انٹرویو میں آنے کی ضرورت ہے۔
- ذاتی حالات کی وجہ سے آپ کی درخواست میں کوئی پیچیدگی ہے، مثلاً آپ کسی جرم کا ارتکاب کر چکے ہیں۔

جب آپ اپلائی کر دیں تو فیصلہ ہو جانے تک یوکے میں ہی رہ سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ نے گزشتہ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اپلائی کیا ہو۔

## خاندان کے افراد

آپ کے خاندان کے افراد (زیرِ کفالت) اِس ویزے پر آپ کے ساتھ ہی یو کے آ سکتے ہیں۔ خاندان کے افراد اگر یورپیئن اکنامک ایریا (EEA) یا سوئٹزرلینڈ سے نہیں ہیں تو اُنھیں ویزا لینا ہو گا۔

زیرِ کفالت میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی شامل ہے:

- آپ کا شوہر، بیوی یا پارٹنر۔
- آپ کا 18 سال سے کم عمر کا بچہ۔
- آپ کا 18 سال سے زائد عمر کا بچہ، اگر وہ اِس وقت یو کے میں بطور زیر کفالت رہتا ہے۔

اپلائی کرنے سے پہلے زیر کفالت کی درخواستوں کے متعلق راہنما ہدایات پڑھ لیں۔

## ذاتی بچت

آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ آپ کے زیر کفالت افراد کا یو کے میں رہنے کے دوران خرچ اٹھایا جا سکتا ہے۔

ہر زیرِ کفالت فرد کے لیے £630 دستیاب ہوں، خواہ وہ آپ کے ساتھ اپلائی کر رہے ہیں یا علیحدہ۔ اِس کے علاوہ اپنا خرچ اُٹھانے کے لیے آپ کے پاس £945 ہونے لازمی ہیں۔

آپ کو ثبوت دینا ہو گا کہ آپ کے پاس رقم موجود ہے، اور یہ اپلائی کرنے سے پہلے 90 دن تک آپ یا زیر کفالت فرد کے بینک اکاؤنٹ میں ہو۔

**مثال:** اگر آپ اپنے پارٹنر اور ایک بچے کو ساتھ یو کے لا رہے ہیں تو آپ کے پاس £2,205 ہونے چاہئیں (£945 اپنے اور £630 پارٹنر اور £630 بچے کے لیے)۔

آپ کو اپنی بچتوں کا ثبوت دینے کی ضرورت نہیں، اگر آپ کے پاس:

- ایک پوری طرح منظور شدہ (A rated) سپانسر ہے۔
- سپانسر شپ سرٹیفکیٹ موجود ہے جس میں کہا گیا ہے کہ آپ کا سپانسر آپ کے زیر کفالت افراد کو ماہانہ اخراجات پورے کرنے کے لیے کم از کم £630 دے گا (اگر ضرورت پڑی)۔

## فیس

اپنے ویزے کی قسم کے مطابق فیس چیک کریں۔

## یوکے سے باہر اپلائی کرنے والے زیرِ کفالت افراد

- آپ کے اہل خانہ کو آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔
- اُنھیں کسی ویزا اپلی کیشن سنٹر پر اپنی فنگر پرنٹس اور تصویر دینا ہوں گی (تاکہ بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ حاصل کر سکیں۔)
- وہ اپنا بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ یوکے پہنچنے کی متوقع تاریخ سے پہلے 30 دن میں لے سکتے ہیں (خواہ آپ اصل میں کسی بعد کی تاریخ پر بھی پہنچیں)۔
- اپنے ویزا اور دیگر سروسز زیادہ تیزی سے مل سکتی ہیں، اِس کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ کس ملک میں ہیں۔ اپنے ویزا اپلی کیشن سنٹر سے چیک کریں۔

## یوکے میں خود اپلائی کرنے والے زیرِ کفالت افراد

آپ کے زیرِ کفالت افراد اگر پہلے سے یوکے میں ہیں تو اپنے ویزے میں توسیع یا سوئچ کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔

آپ کے اہل خانہ آن لائن اپلائی کر سکتے ہیں اگر وہ:

- آپ کے پارٹنر ہیں۔
- آپ کی اولاد ہیں۔

آپ کے زیر کفالت افراد کے لیے بہترین بات یہی ہے کہ آپ کے ساتھ ہی اپلائی کریں، لیکن وہ بعد میں بھی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے اہلِ خانہ کے پاس وزیٹر ویزا ہے تو وہ یوکے میں آپ کے زیر کفالت افراد کے طور پر اپلائی نہیں کر سکتے۔

## بائیو میٹرک معلومات اور ضروری دستاویزات مہیا کرنا

اپلائی کرنے پر اُن سے کہا جائے گا کہ یوکے ویزا اینڈ سٹیزن شپ اپلی کیشن سروسز (UKVCAS) کے سروس پوائنٹ سے اپائنٹمنٹ لیں تاکہ بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور تصویر) دے سکیں۔

اُنھیں دیگر معاون دستاویزات بھی جمع کروانے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ وہ:

- اُنھیں آن لائن سروس میں اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔

- اپنی UKVCAS اپائنٹمنٹ پر سکین کروا سکتے ہیں۔

اُنھیں چاہیے کہ فیصلہ ہو جانے تک یو کے، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز یا Isle of man سے باہر کا سفر نہ کریں۔ اگر ایسا کیا تو اُن کی درخواست واپس ہو جائے گی۔

## یو کے میں قیام کے دوران پیدا ہونے والے بچے

- اگر یو کے میں قیام کے دوران آپ کے بچے پیدا ہو جائیں تو آپ اُن کے قیام کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ بچے کو ساتھ لے کر یو کے سے باہر اور واپسی کا سفر کرنا چاہتے ہیں تو ایسا کرنا لازمی ہو گا۔
- اپلائی کرتے وقت آپ کو ایک مکمل یو کے پیدائشی سرٹیفکیٹ دینا ہو گا جس میں بچے کے دونوں والدین کے نام درج ہوں۔

## فیملی ویزے

### اگر آپ یو کے سے باہر ہیں

آپ فیملی کو اپنے ساتھ رکھنے کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں:

- شوہر/بیوی یا پارٹنر۔
- منگیتر یا مجوزہ سِول پارٹنر۔
- بچہ۔
- ماں/باپ۔
- کوئی رشتے دار جو طویل المدت میں آپ کی دیکھ بھال کرے گا۔

### پارٹنر یا شوہر/بیوی کے طور پر اپلائی کرنا

پارٹنر یا شوہر/بیوی کے طور پر اپلائی کرنے کے لیے آپ اور آپ کے پارٹنر دونوں کی عمر 18 سال یا زائد ہونی چاہیے۔

نیز ضروری ہے کہ آپ کا پارٹنر:

- برطانوی شہری ہو یا
- یو کے میں مقیم ہوا ہو–مثلاً اُس نے وہاں رہنے کی غیر معینہ رخصت لی ہو، settled سٹیٹس رکھتا ہو یا مستقل رہائش کا ثبوت ہو۔
- پناہ گزین کی حیثیت رکھتا ہو یا یو کے میں انسانی بنیاددوں پر تحفظ حاصل کیا ہو۔

آپ کی جانب سے اپلائی کیے جانے کے بعد آپ اور آپ کا/کی پارٹنر اکٹھے رہنے کا ارادہ رکھتے ہوں۔

### آپ کو کیا ثابت کرنا ہو گا

آپ کو مندرجہ ذیل میں سے ایک کا ثبوت دینے کے قابل ہونا چاہیے:

- آپ سول پارٹنر یا شادی کے رشتے میں ہیں جو یو کے میں تسلیم شدہ ہے۔
- اپلائی کرنے کے وقت آپ کو ایک تعلق اکٹھے رہتے ہوئے کم از کم 2 سال سے ہو گئے ہیں۔
- آپ ایک منگیتر یا مجوزہ سول پارٹنر ہیں اور یو کے آنے کے بعد 6 ماہ کے اندر اندر شادی کریں گے یا سول پارٹنر شپ بنائیں گے۔

## آپ کو یہ بھی ثابت کرنا ہو گا

- آپ انگلش زبان سے خاطر خواہ واقفیت رکھتے ہیں۔
- اپنا اور اپنے زیر کفالت افراد کا خرچ اُٹھا سکتے ہیں۔

اگر آپ ان تقاضوں پر پورا نہ بھی اُترتے ہوں تو تب بھی ویزا لینے یا قیام کی اجازت میں توسیع کروانے کی درخواست دے سکتے ہیں، اگر:

- یو کے میں آپ کا ایک بچہ ہے جو برطانوی شہری ہے یا 7 سال سے یو کے میں رہ رہا ہے اور اُس کا یو کے کو چھوڑنا بلا جواز ہو گا۔
- اگر آپ اور آپ کا پارٹنر یو کے سے باہر بطور جوڑا زندگی گزار رہے ہیں تو بہت بڑی مشکلات درپیش ہوں گی جنھیں دور نہیں کیا جا سکے گا۔
- آپ کو یو کے نہ آنے دینے یا وہاں سے نکالنے میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہو گی۔

اگر آپ منگیتر یا مجوزہ سِول پارٹنر کے طور پر اپلائی کر رہے / رہی ہیں:

آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ:

- کوئی بھی سابق شادیاں یا سول پارٹنر شپس ختم ہو چکی ہیں۔
- آپ یو کے آنے کے بعد 6 ماہ کے اندر اندر شادی کریں گے یا سول پارٹنرز بن جائیں گے۔

## آپ کتنے عرصے تک قیام کر سکتے ہیں:

اگر آپ ایک منگیتر یا مجوزہ سِول پارٹنر کے طور پر اپلائی کر رہے ہیں تو 2.5 سال یا 6 ماہ تک قیام کی اجازت ملے گی۔

اِس کے بعد آپ کو اپنے قیام میں توسیع کی درخواست دینا ہو گی۔

## اپلائی کیسے کرنا ہے

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ معلومات تیار کرنی اور دستاویزات مہیا کرنا ہوں گی۔

اپلائی کرنے کے طریقے کا انحصار اِس بات پر ہے کہ آپ یو کے میں ہیں یا باہر۔

### یو کے کے باہر سے

آپ کو یو کے کے باہر سے آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔

نارتھ کوریا میں اپلائی کرنے کا طریقہ مختلف ہے۔

## یوکے میں اپلائی کرنا

آپ کو آن لائن اپلائی کرنا ہو گا۔

اگر آپ فیس نہیں دے سکتے تو:

اگر آپ مندرجہ ذیل وجوہ کی بنا پر فیس نہیں دے سکتے تو فیس معافی کا درخواست فارم بھی آن لائن پُر کریں:

- رہنے کی جگہ نہیں ہے اور اِس کا خرچ برداشت نہیں کر سکتے۔
- رہنے کو جگہ ہے لیکن کھانے اور یا ہیٹنگ جیسے بنیادی اخراجات پورے کرنے کے قابل نہیں ہو سکتے۔
- آمدنی بہت کم ہے اور فیس ادا کرنے سے بچوں کی بہبود کو نقصان پہنچے گا۔

## آن لائن اپلائی کرنے میں کمپیوٹر استعمال کرنے کے لیے مدد لینا

آپ مندرجہ ذیل میں مدد لے سکتے ہیں:

- کمپیوٹر یا انٹرنیٹ تک رسائی۔
- GOV.UK پر درست معلومات لینا۔

## آپ مندرجہ ذیل کے متعلق نہیں پوچھ سکتے

- آپ اپلائی کرنے کے اہل ہیں یا نہیں۔
- اپنی درخواست میں کیا معلومات دینی ہیں۔
- پہلے سے تیار کی ہوئی درخواست۔

ٹیلی فون: 03333 445 675

سوموار تا جمعہ، 9am تا 5pm۔

کال چارجز کے متعلق جاننے کے لیے:

07537 416 944 پر 'VISA' ٹیکسٹ کریں۔

ای میل: visa@we-are-digital.co.uk

## اپنے بچوں کے ساتھ اپلائی کرنا

اگر نیچے دی گئی دو صورتیں لاگو ہوتی ہوں تو آپ بچوں کو بطور زیر کفالت اپنی درخواست میں شامل کر سکتے ہیں:

- اپلائی کرنے کے وقت اُن کی عمر 18 سال سے کم ہے، یا پہلی مرتبہ leave دیے جانے پر 18 سال سے کم عمر تھی۔
- وہ خود انحصار زندگی نہیں گزارتے۔

اگر آپ کا بچہ مثلاً گھر سے چلا گیا ہے، شادی کر لی ہے اور بچے پیدا کیے ہیں تو وہ خود انحصار زندگی گزار رہا ہے۔

## آپ مستقل قیام کب کر سکتے ہیں

آپ یوکے میں جلد سے جلد اُس وقت مقیم ہو سکتے ہیں (جسے "رہنے کی غیر معینہ رخصت" کہتے ہیں) جب قیام کی اجازت ("رہنے کی رخصت") کے ساتھ ملک میں متواتر 5 سال تک بطور پارٹنر رہ لیں۔ آپ بطور منگیتر یا مجوزہ سول پارٹنر کے طور پر یوکے میں رہنے کی کسی اجازت کو شمار نہیں کر سکتے۔

## اگر آپ نے 9 جولائی 2012ء سے پہلے اپلائی کیا ہے تو قواعد مختلف ہیں

اگر آپ نے 9 جولائی 2012ء سے پہلے اپلائی کیا:

آپ اپنے فیملی ویزا میں صرف تبھی توسیع کروا سکتے ہیں جب مندرجہ ذیل باتیں درست ہوں:

- آپ کو یوکے میں قیام کی اجازت 9 جولائی 2012ء سے پہلے دی گئی تھی۔
- آپ آباد (settle) ہونے کے اہل نہیں ہیں۔
- آپ کو کوئی اور ویزا دیا یا مسترد نہیں کیا گیا۔

## آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ:

- آپ اور آپ کے پارٹنر کے پاس اتنی رقم موجود ہے کہ پبلک فنڈز پر انحصار کیے بغیر اپنی اور زیر کفالت افراد کی ضروریات زندگی اور رہائش کا بندوبست کر سکیں۔
- آپ کو انگلش سے اچھی واقفیت ہونی چاہیے۔

## انگلش سے واقفیت

آپ کو اپلائی کرتے وقت انگلش زبان سے واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

آپ اپنی اکیڈمک اہلیت یا ٹیسٹ پاس کرنے کے ذریعے اِسے ثابت کر سکتے ہیں۔

اُس صورت میں یہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں جب:

- آپ بچے کے طور پر اپلائی کر رہے ہیں۔
- ایک بالغ کے طور پر آ رہے ہوں جس کی دیکھ بھال کسی رشتے دار نے کرنی ہے۔

## تعلیمی قابلیت

آپ انگلش سے واقفیت ثابت کر سکتے ہیں اگر دونوں:

- آپ کے پاس ایک ڈگری یا تعلیمی اہلیت ہے جو انگلش میں حاصل کی یا ریسرچ کی۔
- UK NARIC اِسے یو کے کی بیچلر یا اِس سے بڑی ڈگری کے مساوی تسلیم کرتا ہو۔
- آپ کو اپلائی کرتے وقت UK NARIC کی جانب سے اِس کی توثیق کا سرٹیفکیٹ مہیا کرنا ہو گا۔

## منظور شدہ انگلش لینگویج ٹیسٹ دینا

- بولنے اور سننے میں کم از کم CEFR لیول A1 کے ساتھ منظور شدہ انگلش لینگویج ٹیسٹ پاس کر کے انگلش سے اپنی واقفیت ثابت کر سکتے ہیں۔

## اگر آپ 5 سال میں مستقل طور پر یوکے میں رہنا چاہتے ہیں

اگر آپ نے پہلی مرتبہ ویزا اپلائی کرتے وقت CERF A1 ٹیسٹ دیا تھا تو 2.5 سال کے بعد اپلائی کرتے وقت CERF A2 ٹیسٹ دینا ہو گا۔

اگر پہلی مرتبہ ویزا اپلائی کرتے وقت آپ کو CERF A1 ٹیسٹ دینے کی ضرورت نہیں تھی لیکن اب ہے تو آپ کو 2.5 سال کے بعد اپلائی کرتے وقت یہ پاس کرنا ہو گا۔

## کس صورت میں آپ کو انگلش سے اپنی واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت نہیں

آپ کو اُس صورت میں انگلش واقفیت ثابت کرنے یا ٹیسٹ پاس کرنے کی ضرورت نہیں جب:

- آپ کی عمر 65 سال سے زائد ہے۔
- کوئی جسمانی یا ذہنی مسئلہ آپ کو یہ تقاضا پورا کرنے سے روکتا ہو۔

اگر آپ نے مندرجہ ذیل ممالک میں کسی ایک کے شہری ہیں تو انگلش سے اپنی واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی:

- اینٹیگوا اور بربوڈا
- آسٹریلیا
- باہاماز
- بارباڈوس
- بیلیزے (Belize)
- کینیڈا
- ڈومینیکا
- گریناڈا (غرناطہ)
- گیانا
- جمیکا
- نیوزی لینڈ
- سینٹ کٹس اینڈ نیوس
- سینٹ لُوسیا

- سینٹ ونسنٹ اور گریناڈینز
- ٹرینی ڈیڈ اور ٹوبیگو
- یو ایس اے

کچھ دیگر حالات میں بھی آپ کو انگلش سے اپنی واقفیت ثابت کرنے کی ضرورت نہیں- پارٹنر (2 سالہ یا 5 سالہ رُوٹس) یا ماں/باپ (5 سالہ رُوٹ) کے لیے راہنما ہدایات چیک کریں۔

## اپنی آمدنی کا ثبوت مہیا کریں

آپ اور آپ کے/کی پارٹنر کی مجموعی آمدنی کم از کم £18,600 ہو، اگر:

- آپ بطور پارٹنر اپلائی کر رہے ہیں۔
- آپ پانچ سال کے اندر اندر یوکے میں مقیم ہونا چاہتے ہیں (وہاں رہنے کی غیر معینہ رخصت)۔

## اُس صورت میں اضافی رقم پاس ہونے کا ثبوت دینا پڑے گا جب بچے مندرجہ ذیل نہ ہوں:

- برطانوی شہری
- EEA کے شہری
- مستقل طور پر مقیم

آپ کو اضافی آمدنی کی ضرورت ہے:

- £3,800 پہلے بچے کے لیے۔
- £2,400 پہلے بچے کے بعد ہر بچے کے لیے۔

اِسے "کم از کم ضروری آمدنی" (minimum income requirement) کہتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ آمدنی کی بجائے اپنی بچت کو کام میں لانا چاہیے۔

رقم موجود ہونا ثابت کرنے کا طریقہ اِس بات پر منحصر ہیں کہ آپ نے آمدنی کیسے حاصل کی۔

## آمدنی میں کیا کچھ شمار ہوتا ہے

آپ اور آپ کا پارٹنر مندرجہ ذیل کو استعمال کر سکتے ہیں:

- ٹیکس اور قومی انشورنس کٹنے سے پہلے ملازمت سے ہونے والی آمدنی (اپنی P60 یا پے سلپس چیک کریں)- آپ اپنی آمدنی صرف تب استعمال کر سکتے ہیں جب یہ یوکے میں کمائی ہو۔
- ذاتی ذرائع سے یا یوکے میں کسی لمیٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کی حیثیت میں آمدنی حاصل کی ہو-اپنی سیلف اسیسمنٹ ٹیکس ریٹرن چیک کریں۔
- نقد بچت £16,000 سے زیادہ ہو۔
- پنشن سے حاصل کردہ رقم۔
- کام کے بغیر آمدنی، مثلاً جائیداد کا کرایہ یا شیئرز پر منافع۔

اگر آپ ذاتی ذرائع سے حاصل کردہ آمدنی استعمال کر رہے ہیں تو یہ ثابت کرنا ہو گا کہ آپ اور آپ کے پارٹنر کو 6 ماہ یا زائد عرصے تک وہ آمدنی ملتی آرہی ہے۔

**مثال:** آپ نے اُسی ایمپلائر کے پاس کام کرتے ہوئے 6 ماہ یا زائد عرصے میں £18,600 کمائے ہوں۔

## آپ کو کیا ثبوت دینا پڑے گا

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ آمدنی کا ثبوت دینا ہو گا۔ اگر آپ اور آپ کا پارٹنر ملازمت کرتے ہیں تو مندرجہ ذیل شامل کر سکتے ہیں:

- بینک سٹیٹمنٹس جو آپ اور آپ کے پارٹنرز کی آمدنی ظاہر کرے۔
- 6 ماہ کی پے سلپس۔
- کسی ایمپلائر کی جانب سے لیٹر ہیڈ پر لیٹر جس پر تاریخ درج ہو۔

ایمپلائر کا لیٹر مندرجہ ذیل کی تصدیق کرے:

- آپ یا آپ کا پارٹنر وہاں ملازم ہیں۔
- آپ یا آپ کے پارٹنر کا عہدہ۔
- آپ یا آپ کا پارٹنر کتنی عرصے سے کام کر رہے ہیں۔
- کنٹریکٹ کی نوعیت (مثلاً مستقل، طے شدہ مدت کے لیے)۔
- ٹیکس اور نیشنل انشورنس کٹنے سے پہلے آپ یا آپ کا پارٹنر کتنا کماتے ہیں۔
- آپ یا آپ کا پارٹنر موجودہ تنخواہ پر کب سے کام کر رہے ہیں۔
- تنخواہ کی سلپس مستند ہیں۔

آپ کو دوٹوک انداز میں بتایا جائے گا کہ آن لائن اپلائی کرتے وقت کونسے دستاویزات مہیا کرنے ہیں۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں مفصل راہنمائی فراہم کریں:

- آپ یا آپ کے پارٹنر کی آمدنی زیادہ پیچیدہ نوعیت کی ہے۔
- آپ یا آپ کے پارٹنر نے گزشتہ 6 ماہ میں مادرانہ یا پدرانہ رخصت لی ہے۔
- آپ آمدنی کے مختلف ذرائع کو یکجا کرنا چاہتے ہیں۔

مفصل راہنمائی یہ بھی وضاحت کرتی ہے کہ آمدنی (جس پر آپ کا انحصار ہے) کی ہر قسم کے لیے کیا ثبوت مہیا کرنے کی ضرورت ہے۔

## اگر آپ کم از کم آمدنی کا تقاضا پورا نہ کر سکیں

- اگر 5 سال میں بطور پارٹنر مقیم ہونا چاہتے ہیں تو ثبوت دینا ہو گا کہ آپ اور آپ کا پارٹنر کم از کم آمدنی کے تقاضے پورے کرتے ہیں۔
- اگر آپ تقاضے پورے نہیں کرتے تو شاید 10 سال میں مقیم ہونے کے قابل ہوں۔

## جب آپ کو آمدنی کا تقاضا پورا کرنے کی ضرورت نہ ہو

آپ مندرجہ ذیل دو میں سے کسی صورت میں کم از کم آمدنی کا تقاضا پورا کیے بغیر 5 سال میں مقیم ہو سکتے ہیں:

- آپ ماں / باپ کے طور پر اپلائی کر رہے / رہی ہیں۔
- آپ کو مخصوص بینفٹس حاصل ہیں، مثلاً معذوری الاؤنس یا Carer's الاؤنس۔

آپ کو ثبوت دینا ہو گا کہ آپ اور آپ کے اہل خانہ کے پاس اتنی رقم موجود ہے کہ پبلک فنڈز پر انحصار کیے بغیر اپنی ضروریات زندگی اور رہائش کا بندوبست کر سکیں۔ کیس پر کام کرنے والا آپ کی آمدنی اور گھرداری کے خراجات کو مد نظر رکھتا ہے۔

## جو معلومات دینا ضروری ہیں

اپنی درخواست دیتے وقت آپ کے پاس معلومات اور کچھ شواہد موجود ہونے چاہئیں۔ اپنی اور ساتھ ہی اپلائی کرنے والے زیرِ کفالت افراد کے بارے میں معلومات دیں۔

آپ کو مندرجہ ذیل معلومات مہیا کرنا ہوں گی:

- اپنے سب نام۔
- تاریخ پیدائش۔
- موجودہ پاسپورٹ یا دیگر سفری شناخت نامہ۔
- پاسپورٹ کے تصویر والے صفحے اور سابقہ پاسپورٹس میں کسی بھی ویزے یا اینٹری سٹیمپس والے صفحات کی کاپیاں۔
- اپنے بائیومیٹرک ریذیڈنس پرمٹ کی کاپی (اگر موجود ہے)۔
- قبل ازیں دی ہوئی امیگریشن کی درخواستوں کی تفصیل۔
- کسی بھی مجرمانہ نامزدگیوں کی تفصیل۔
- اپنا نیشنل انشورنس نمبر (اگر موجود ہے)۔
- اپنے والدین کی تاریخ پیدائش اور قومیت، اگر آپ یوکے کے باہر سے اپلائی کر رہے ہیں۔
- آپ کے ٹی بی ٹیسٹ کے نتائج، اگر آپ ایسے ملک میں جہاں ٹیسٹ کروانا ضروری ہے۔
- ایسے دستاویزات کا تصدیق شدہ ترجمہ جو انگلش یا ویلش میں نہیں ہیں۔

آپ کے پاسپورٹ میں ایک صفحہ خالی ہونا چاہیے جس پر ویزا لگایا جاسکے، اگر آپ یوکے کے باہر سے اپلائی کر رہے ہیں۔

- آن لائن درخواست دینے کے لیے آپ کو ایک ای میل ایڈریس کی ضرورت ہو گی۔
-

## آپ کو مندرجہ ذیل کا ثبوت بھی دینا ہو گا:

- اپنے مالی وسائل۔
- بولنے اور سمجھنے میں آپ کی انگلش کیسی ہے۔

اپنے حالات کی مناسبت سے آپ کو اضافی دستاویزات مہیا کرنے کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے – مثلاً یوکے میں اپنے فیملی کے درد سے ایک سپانسر شپ فارم۔

اپلائی کرتے وقت آپ کو بتادیا جائے گا اپنے دستاویزات کیسے مہیا کرنے ہیں۔

## اپنے پارٹنر کی تفصیلات

اگر آپ کا کوئی پارٹنر ہے تو اُس کے متعلق مندرجہ ذیل معلومات مانگی جائیں گی:

- نام
- تاریخ پیدائش
- قومیت
- پاسپورٹ
- یو کے میں موجودگی کا جواز، مثلاً وہ برطانوی شہری ہیں۔

آپ سے مندرجہ ذیل معلومات بھی مانگی جائیں گی:

- کوئی شخص جس کے ساتھ آپ کا پارٹنر قبل ازیں شادی یا سول پارٹنر شپ میں رہا ہو یا بچے پیدا کیے ہوں۔
- شادی ختم ہونے کا ثبوت، مثلاً طلاق کا سرٹیفکیٹ۔
- کوئی شخص جس کی مالی کفالت آپ کا پارٹنر کرتا ہوں، مثلاً اُس کے والدین۔

## تعلق کا ثبوت

اگر آپ ایک شوہر / بیوی یا پارٹنر کے طور پر اپلائی کر رہے ہیں تو آپ سے مندرجہ ذیل کے متعلق پوچھا جائے گا:

- اپنے پارٹنر کے ساتھ آپ کا تعلق، مثلاً آپ کب کب اور کیسے ملتے ہیں۔
- آپ کب سے اکٹھے رہ رہے ہیں۔ آپ کو کونسل ٹیکس بلز جیسے ثبوت مہیا کرنا ہوں گے۔
- ایسی چیزیں جن کی ادائیگی آپ مل کر کرتے ہیں۔
- کیا آپ کے پارٹنر کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی ہے یا نہیں۔

## آپ کے سابق پارٹنرز

آپ کو کسی بھی ایسے شخص کی تفصیلات شامل کرنا ہوں گی جس کے ساتھ آپ قبل ازیں رہ چکے یا بچے پیدا کر چکے ہیں۔ شادی ختم ہونے کا ثبوت شامل کریں، مثلاً طلاق کا سرٹیفکیٹ۔

## بچے

آپ کو اپنے بچوں (اور پارٹنر کے بچوں، اگر ہیں) کی بھی تفصیلات مہیا کرنا ہوں گی۔ آپ سے تمام بچوں کے متعلق پوچھا جائے گا، چاہے وہ اپلائی نہ بھی کر رہے ہوں۔

آپ کو اُن کی مندرجہ ذیل تفصیلات دینا ہوں گی:

- اُن کا نام
- اُن کی تاریخ پیدائش
- اُن کی قومیت
- اُن کے پاسپورٹ کی تفصیلات
- بچہ عام طور پر کس کے ساتھ رہتا ہے
- بچے کے لیے والدین جیسی ذمہ داری رکھنے والا کوئی بھی اور شخص، مثلاً آپ کے سوتیلے بچوں کے دیگر والدین۔
- آپ اُن کی روزمرہ زندگی میں کیا کردار رکھتے ہیں۔
- بچے سے ملاقات کے لیے طے شدہ معاملات—مثلاً عدالت نے آپ کو اُن سے ملنے کی اجازت دی ہو۔
- بچے کے دور کے رشتہ دار۔
- آپ کا بچہ اور کس کس ملک میں گیا یا رہا ہے۔

## یوکے سے باہر آپ کی زندگی

آپ کو مندرجہ ذیل تفصیلات کی ضرورت ہو گی:

- یوکے سے باہر وہ ممالک جہاں آپ گئے ہیں یا مقیم رہے ہیں۔
- اُن ممالک میں عزیز و اقارب جہاں آپ پیدا ہوئے یا جہاں کے شہری رہے۔

## اپلائی کرنے کے بعد

آپ کو اپنی بائیو میٹرک معلومات (فنگر پرنٹس اور فوٹو) مہیا کرنے کے لیے ایک اپائنٹمنٹ پر جانا ہو گا۔ اپلائی کرنے پر آپ کو اپائنٹمنٹ لینے کا کہا جائے گا۔

## اپنے دستاویزات واپس لینا

درخواست کے ہمراہ مہیا کیا گیا اپنا پاسپورٹ اور دیگر دستاویزات کی اگر فوری ضرورت ہو تو آپ اُنھیں واپس مانگ سکتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ اپنے دستاویزات واپس لینے کی خاطر آپ کو اپنی درخواست منسوخ کرنی پڑے۔

## اگر آپ کی درخواست منظور ہو جائے

آپ کو اپنا بائیو میٹرک ریذیڈنس پرمٹ مل جائے گا۔

## اِس کے بعد آپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں انجام دے سکتے ہیں:

- کام کرنا
- سٹڈی کرنا

اگر آپ شادی کرنے یا سول پارٹنر بننے کے لیے ویزا اپلائی کر رہے یا قیام میں توسیع کروا رہے ہیں تو کام یا سٹڈی نہیں کر سکتے۔

## آپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں انجام نہیں دے سکتے:

- باقاعدگی سے اپنے اور زیرِ کفالت افراد کے لیے بینفٹس یا دیگر پبلک فنڈز حاصل کرنا۔
- اہلیت حاصل ہو جانے تک یو کے میں مقیم ہونے کے لیے اپلائی کرنا۔